উপরের মাসদারগুলো থেকে যে কোন মাসদার দ্বারা ماضی بعید ব্যবহার করে কয়েকটি বাক্য তৈরী কর।

مشق نمبر- ۵ -

(৭৬) পৃষ্ঠার বাক্যগুলো মুখস্থ লিখ।

چوتھا سبق : ماضی استمراری (অভ্যাস)

میں آتا تھا	میں آتی تھی	ہم آتے تھے	ہم آتی تھیں
تو آتا تھا	تو آتی تھی	تم آتے تھے	تم آتی تھیں
وہ آتا تھا	وہ آتی تھی	وہ آتے تھے	وہ آتی تھیں
میں کھاتا تھا	میں کھاتی تھی	ہم کھاتے تھے	ہم کھاتی تھیں
تو کھاتا تھا	تو کھاتی تھی	تم کھاتے تھے	تم کھاتی تھیں
وہ کھاتا تھا	وہ کھاتی تھی	وہ کھاتے تھے	وہ کھاتی تھیں

বাংলা বলঃ-

تو کرتا تھا	تو پیتا تھا	میں نہاتی تھی	وہ جاتی تھی
تو چائے پیتا تھا	فاطمہ دودھ پیتی تھی	تیری بیٹیاں سوتی تھیں	ہم روٹی کھاتے تھے
ہم سالن پکاتے تھے	تو لکھتا تھا	فاطمہ لکھتی تھی	تو شرماتی تھی

দ্রুত উর্দু বলঃ-

সে যেত। তুমি ঘুমাতে। আমরা লিখতাম। মেয়েরা পড়ত। ছেলেরা তেলাওয়াত শুনত। আমি তেলাওয়াত করতাম। তোমরা রুটী খেতে। আমরা ভাত খেতাম। আমার আম্মা সব্জি রান্না করত।

এ ভাবে একে অপর কে উর্দু ও বাংলায় বিভিন্ন ফেয়েল জিজ্ঞাসা কর।

میں جب کراچی دار العلوم پڑھتا تھا اسوقت تقریبا ہر سال وہاں سے مکہ معظّمہ جایا کرتا تھا، حج ادا کرتا تھا، عمرہ ادا کرتا تھا اسی طرح مسجد نبوی کی زیارت بھی کیا کرتا تھا، وہاں ہر سال کافی لوگوں سے ملاقاتیں ہوتی تھیں، پوری دنیا کے بڑے بڑے شخصیات سے ملاقات ہوتی تھی میری بہن بھی میرے ساتھ جاتی تھی، لیکن وہ بے چاری بہت کمزور تھی ہمیشہ وہ راستہ میں بیمار پڑجاتی تھیں، کبھی اسکونزلہ ہوجاتا تھا، کبھی بخار چڑھ جاتا تھا، کبھی زکام ہونے لگتا تھا۔

ہم جب مدرسہ نوریہ میں پڑھتے تھے اسوقت ہر جمعرات کو مدرسہ کی مسجد میں اجتماع ہوا کرتا تھا۔ مسجد بھی بہت ہی بڑی تھی، کافی لوگ جمع ہوتے تھے، مختلف علاقے سے علمائے کرام تشریف لاتے تھے حضرت حافظ جی حضورؒ کا بیان ہوا کرتا تھا، اور انکی تقریر ہوتی تھی، حضرت کا بیان واقعی عجیب اور دلکش ہوتا تھا، حضرت کی تقریر اتنی موثر ہوتی تھی کہ کوئی حد نہیں۔

ہم جب جیل خانہ میں تھے تو روزانہ ہمیں صبح ناشتہ میں ایک روٹی ملتی تھی اور تھوڑا سا سالن ملتا تھا، اور دوپہر کو ایک بجے دوپہر کا کھانا ملتا تھا، اس میں عام طور سے چاول ملتے تھے اور دال ملتی تھی، دال بھی اکثر سڑی ہوئی ہوتی تھی، اور رات

قاعدہ :- ماضی استمراری তে فعل لازم ও فعل متعدی উভয় ক্ষেত্রেই فعل ফায়েল হিসেবে مذکر ও مونث হয়ে থাকে।

کونو بجے عشائیہ ملتی تھی ، اس میں ایک دن گوشت ملتا تھا اور ایک دن مچھلی ملتی تھی ، بہر حال لوگوں کو کھانے پینے میں بہت تکلیف ہوتی تھی ، لیکن اسکے باوجود ایک عجیب لطف محسوس ہوتا تھا جس کی کوئی حد نہیں ۔

مشق نمبر - ا -

পড় ও অর্থ বল।

☆ بھائی صاحب! آپ جب کراچی دار العلوم پڑھتے تھے اس دوران آپ نے حج ادا کئے تھے ؟

جی بھائی ! اسوقت میں الحمد للہ تقریبا ہر سال ہی حج ادا کرنے کے لئے مکہ مکرمہ جاتا تھا ۔

☆ آپ اکیلے جاتے تھے ، یا آپ کے ساتھ اور بھی لوگ جاتے تھے ؟

جی ہاں میرے ساتھ کافی لوگ جاتے تھے ، میرے والد صاحب جاتے تھے ، میری والدہ جاتی تھیں ، میرا بھائی جاتا تھا میری بہن جاتی تھی ، میری بیگم جاتی تھی ۔

☆ کیا آپ کی بہن بھی آپ کے ساتھ جاتی تھی ؟

جی ہاں وہ بھی میرے ساتھ جاتی تھی ۔

☆ سنا تھا کہ وہ ہمیشہ بیمار پڑ جاتی تھی

ہاں ، وہ اکثر بیمار پڑ جاتی تھی ۔

☆ کیا ہو جاتا تھا اسکو ؟

کبھی نزلہ ہو جاتا تھا ، کبھی بخار چڑھ جاتا تھا ، کبھی زکام ہونے لگتا تھا ،

☆ کیوں کیا وجہ تھی ؟

بے چاری بہت کمزور تھی ۔

☆ آپ تو ہر سال رمضان میں عمرہ ادا کرنے جاتے تھے ، اس سال کیوں نہیں گئے ؟

ارے بھائی اس سال بھی جانے کا ارادہ تھا ، لیکن پچھلے دو مہینہ سے میری طبیعت کچھ خراب چل رہی تھی اور ہمارے مدرسہ میں بچوں کا امتحان بھی چل رہا تھا ، اور مدرسہ کی اندرونی کچھ پریشانیاں بھی چل رہی تھیں جس کی وجہ سے

اس سال جانیکا موقعہ نہیں ملا۔

☆ سنا ہے کہ مدرسہ نوریہ میں حضرت حافظ جی حضور کے زمانہ میں ہر جمعرات کو اجتماع ہوا کرتا تھا ؟

جی ہاں بات بالکل صحیح ہے۔

☆ وہاں کتنے لوگ جمع ہوتے تھے ؟

تقریباً دو ہزار آدمی جمع ہوا کرتے تھے۔

☆ علمائے کرام کی تعداد کتنی ہوتی تھی ؟

بیس کے لگ بھگ ہوتی تھی۔

☆ وہاں کس کا بیان ہوتا تھا ؟

حضرت حافظ جی حضور کا بیان ہوتا تھا۔

☆ انکا بیان کیسا ہوتا تھا ؟

انکا بیان بہت لاجواب ہوتا تھا۔

☆ کیا انکی تقریر بہت ہی موثر ہوا کرتی تھی ؟

جی انکی تقریر بہت ہی موثر ہوا کرتی تھی۔

☆ جیل خانہ میں آپ کو روزانہ صبح ناشتہ میں کیا ملا کرتا تھا ؟

ایک روٹی ملتی تھی اور تھوڑا سا سالن ملتا تھا

☆ صبح آپ کو روٹی ملتی تھی یا چاول ملتے تھے ؟

صبح ہمیں روٹی ملتی تھی۔

☆ دوپہر کا کھانا (ظہرانہ) کتنے بجے ملتا تھا؟

ظہرانہ ایک بجے ملتا تھا۔

☆ ظہرانہ میں کیا دیا جاتا تھا ؟

ظہرانہ میں چاول ملتے تھے۔

☆ چاول کیساتھ کیا ملتی تھی ؟

چاول کے ساتھ دال ملتی تھی۔

☆ دال کیسی ہوتی تھی ؟

دال سڑی ہوئی ہوتی تھی۔

☆ عشائیہ کتنے بجے ملتا تھا ؟

عشائیہ نو بجے ملتا تھا۔

☆ عشائیہ میں کیا کیا چیزیں ملتی تھیں ؟

عشائیہ میں کبھی گوشت ملتا تھا، کبھی مچھلی ملتی تھی۔

زکام সর্দি কাশি اندورنی অভ্যন্তরিন لگ بھگ কাছাকাছি

مشق نمبر -۵-

শূন্যস্থান পূরণ করে পড় ও অর্থ বল

خالد کہہ رہا ہے میں جب جامعہ بلال بن رباح الاسلامیہ میں پڑھتا تھا

(الف) حلیمہ کہہ رہی ہے کہ میں .... (ب) خالد کہہ رہا ہے کہ وہ ....

(ج) حلیمہ کہہ رہی ہے کہ وہ .... (د) خالدہ کے بچے کہہ رہے ہیں کہ ہم ....

(ھ) خالدہ کی بچیاں کہہ رہی ہیں کہ ہم .... (و) خالدہ کے بچے کہہ رہے ہیں کہ وہ ....

(ز) ائے خالد تجھے یاد ہے کہ تو جب .... (ح) ائے راشدہ ....

میری بہن بھی میرے ساتھ جاتی تھی۔

(الف) میری بڑی بہن .... (ب) میرے والد صاحب بھی ....

(ج) میرا بھانجا بھی .... (د) میرے بچے ....

(ہ) ائے خالد تو بھی تو .... (و) میری بچیاں ....

(ز) ائے راشدہ تو بھی تو .... (ح) ائے بچو ....

میرا بھتیجا روزانہ صبح فجر کے بعد پانچ پارہ قرآن شریف تلاوت کرتا تھا، مناجات مقبول پڑھتا تھا، اسکے بعد اشراق کی نماز پڑھتا تھا پھر ناشتہ کرتا تھا پھر مدرسہ کی طرف جاتا تھا۔ عصر کے بعد مدرسہ سے واپس آتا تھا۔ مغرب کے بعد اپنی کتابیں پڑھتا تھا اپنا سبق یاد کرتا تھا۔ عشاء کے بعد کھانا کھاتا تھا پھر دس بجے سو جاتا تھا۔

(الف) میری بھانجی .... (ب) میری والدہ ....

(ج) میرے والد صاحب .... (د) میری بچیاں ....

(ھ) ائے خالد تو .... (و) راشد کہہ رہا ہے کہ میں ....

(ز) راشدہ کہہ رہی ہے کہ میں .... (ح) میرے بچے ....

ماضی استمراری (حال)

میں جارہا تھا	میں جارہی تھی	ہم جارہے تھے	ہم جارہی تھیں
تو جارہا تھا	تو جارہی تھی	تم جارہے تھے	تم جارہی تھیں
وہ جارہا تھا	وہ جارہی تھی	وہ جارہے تھے	وہ جارہی تھیں

تو کھانا کھارہا تھا، خالدہ قرآن شریف تلاوت کررہی تھی، تم سورہی تھیں، میں جاگ رہا تھا، ہم روٹیاں پکا رہی تھیں، میں وضوکررہی تھی، تو لکھ رہی تھی، ہم پڑھ رہے تھے، لڑکیاں کھیل رہی تھیں، بچے رو رہے تھے، ہم جارہے تھے

দ্রুত উর্দু বল

আমি ঘুমাচ্ছিলাম। তুমি পড়ছিলে। সে আসছিল। মেয়েরা কাঁদছিল। আমি চা পান করছিলাম।ফাতেমা গোশ্‌ত রান্না করছিল। তুমি কুরআন শরীফ পড়ছিলে। আমি যাচ্ছিলাম। তোমরা নামায পড়ছিলে।

এভাবে একে অপর কে উর্দু ও বাংলায় বিভিন্ন ফেয়েল জিজ্ঞাসা কর।

کل تو جس وقت آیا تھا اس وقت میں سورہا تھا، البتہ میری بہن جاگ رہی تھی، اور میرے بچے کھانا کھارہے تھے۔ اور میری بچیاں کھیل رہی تھیں، پرسو صبح نو بجے میں آپ کے گھر آیا تھا اسوقت چونکہ آپ لوگ سورہے تھے اس لئے میں واپس چلا آیا۔ اس کے بعد دس بجے آپ کے بھائی شاہد کے گھر پہنچا البتہ وہ لوگ اسوقت سب جاگ رہے تھے۔ اسکی بیگم روٹی پکارہی تھی۔ اس کے بچے قرآن شریف تلاوت کررہے تھے۔ اسکی چھوٹی بچی باہر کھیل رہی تھی۔

آج صبح میں سمندر کے قریب ٹہل رہا تھا اچانک خالدہ کے ساتھ ملاقات ہوئی، وہ بھی ٹہل رہی تھی، خیر وکہہ رہی تھی کہ گذشتہ کل اسکا چھوٹا بیٹا اللہ کو پیارا ہوگیا، بے چاری بہت رورہی تھی، کل رات کو جب میں نیند سے اٹھا تھا اسوقت باہر سخت بارش ہورہی تھی بجلیاں چمک رہی تھیں۔

مشق نمبر-۱-

প্রশ্নোত্তর গুলো পড় ও অর্থ বল ।

☆کل جب میں آپ کے گھر آیا تھا اسوقت آپ کیا کررہے تھے؟	اسوقت میں سو رہا تھا۔
☆ آپ اکیلے سو رہے تھے یا گھر کے سارے افراد سو رہے تھے؟	میں اکیلا ہی سو رہا تھا۔
☆ آپ کی بہن کیا کررہی تھی ؟	وہ جاگ رہی تھی ۔
☆ گوشت کی مہک آرہی تھی ، شاید کوئی کھانا کھا رہا تھا ؟	ارے نہیں یار گوشت کہاں ملیگا ، بچے شاید دال روٹی کھارہے تھے
☆ آپ کی بچیاں کیا کررہی تھیں ؟	کھیل رہی تھیں ۔
☆ صبح آپ کئے بجے میرے گھر آئے تھے ؟	نو بجے۔
☆ اسوقت میں کیا کررہا تھا ؟	شاید آپ سو رہے تھے۔
☆ پرسوں تو ہمارے گھر آیا تھا پھر واپس کیوں چلا گیا؟	. بھائی آپ سو رہے تھے ۔ اس لئے ہم نے سوچا ، خواہ مخواہ آپ کو جگانا مناسب نہیں ہوگا ، اس لئے واپس چلا گیا ۔
☆نہیں بھائی میں تو جاگ رہا تھا ، رات بارہ بجے سے پہلے ہم کبھی بستر پر نہیں جاتے ۔	
☆ اچھا پھر تو کہاں گیا ؟	آپ کے بھائی مشاہد کے گھر گیا ۔
☆وہاں کیا ہو رہا تھا ؟	وہ سب جاگ رہے تھے۔
☆ انکے بچے کیا کررہے تھے ؟	وہ قرآن شریف تلاوت کررہے تھے ۔
☆ انکی بچیاں کیا کررہی تھیں ؟	وہ کھیل رہی تھیں ۔
☆ صبح آپ سمندر کے قریب کیا کررہے تھے ؟	ٹہل رہا تھا

☆ وہاں کسی سے ملاقات ہوئی تھی ؟	ہاں ، وہاں خالدہ کے ساتھ ملاقات ہوئی تھی ۔
☆ وہ کیا کر رہی تھی ؟	وہ بھی ٹہل رہی تھی ۔
☆ وہ کیا کہہ رہی تھی ؟	وہ کہہ رہی تھی کہ گذشتہ کل اسکا بیٹا اللہ کو پیارا ہو گیا
☆ کل رات آپ جس وقت نیند سے اٹھے تھے کیا اس وقت باہر بارش ہو رہی تھی ؟	جی ہاں اسوقت باہر سخت بارش ہو رہی تھی ۔
☆ اور کیا ہو رہا تھا ؟	بجلیاں چمک رہی تھیں ۔

مشق نمبر - ۲ -

গতকল্য তুমি কোথায় যাচ্ছিলে। দুপুরে তোমার বোন কি খাচ্ছিল ? সকালে তোমার ভাইয়ের স্ত্রী কি করছিল ? গতরাতে চতুর্থ বর্ষের ছেলেরা কোন কিতাব পড়ছিল ? তারা মাওঃ তাকী উসমানী সাহেবের একটি কিতাব পড়ছিল। সকালে তাহাজ্জুদের সময় যখন তুফান চলছিল তখন আপনারা কি করছিলেন ? তখন আমরা কোরআন শরীফ তেলাওয়াত করছিলাম। আপনার ভাইয়েরা কি করছিল? তারা নামাজ পড়ছিল। আপনার বোনেরা কি করছিল ? তারা তাহাজ্জুদ পড়ছিল। গতকল্য মাদ্রাসা থেকে ফিরার পথে প্রচুর বৃষ্টি হচ্ছিল ফলে আমার সমস্ত কাপড় ভিজে গেল। আমার টুপিও ভিজে গেল। পরশু আমি যখন হজ্ব থেকে ফিরছিলাম, বিমানে তোমার মামার সাথে সাক্ষাত হল। সাথে তোমার স্বামীও ছিল। দুপুর বারোটার সময় তুমি কি করছিলে ? তখন আমি খানা খাচ্ছিলাম। তোমার বোন কি করছিল ? সেও খানা খাচ্ছিল। তোমার ভাই কি করছিল ? সে অবশ্য ঘুমাচ্ছিল। গতকল্য ইশার সময় যখন আমরা নামাজ পড়ছিলাম তখন বাহিরে মুষলধারে বৃষ্টি হচ্ছিল। বিদ্যুৎ চমকাচ্ছিল।

(ক) পরস্পর মশক কর।

(খ) রেখাযুক্ত বাক্যগুলোর তরজমা খাতায় লিখ।

(গ) একই কাঠামোতে নিজের থেকে ১০টি বাক্য লিখ।

چونکہ যেহেতু   البتہ অবশ্য   ٹہلنا পায়চারী করা   اچانک হটাৎ   خیر যাইহোক

اللہ کو پیارا ہو گیا মৃত্যুবরন করেছে   نیند (مؤنث) নিদ্রা   بارش (مث) বৃষ্টি   بجلیاں چمکنا বিদ্যুৎ চমকানো

مشق نمبر - ۴ -

৮৫ পৃষ্ঠার বাক্যগুলো মুখস্থ লিখ।

مشق نمبر - ۵ -

শূন্যস্থান পূরণ করে পড় ও অর্থ বল

میری بچیاں کھیل رہی تھیں

(الف) میرا بیٹا............................ (ب) رشیدہ..

(ج) میرے بچے............................ (د) اے خالد تو..

(ہ) اے بچو تم............................ (و) اے بچیو تم..

(ز) میری بچیاں............................ (ح) خالدہ کہہ رہی ہے کہ میں ....

(ط) خالدہ کی بچیاں کہہ رہی ہیں کہ ہم......... (ی) راشد کے بچے کہہ رہے ہیں کہ ہم.................

آج صبح میں سمندر کے قریب ٹہل رہا تھا

(الف) آج صبح خالدہ............................ (ب) آج صبح خالدہ کے بچے ....

(ج) آج صبح راشد کی بچیاں .... (د) خالدہ کہہ رہی ہے کہ آج صبح میں.......................

(ہ) اے خالد آج صبح جب تو .... (و) خالد کے بچے کہہ رہے ہیں کہ آج صبح ہم.............

(ز) اے بچو آج صبح جب تم .... (ح) خالد کی بچیاں کہہ رہی ہیں کہ آج صبح ہم............

دوپہر بارہ بجے تو کیا کر رہا تھا

(الف) دوپہر بارہ بجے تیرے بچے................ (ب) اے بچیو..

(ج) دوپہر بارہ بجے تیری بچیاں.................. (د) اے بچو ....

(ہ) دوپہر بارہ بجے تیری بیگم .... (و) دوپہر بارہ بجے تیرے والد صاحب ....

پانچواں سبق : ماضی شکی

میں آیا ہونگا	میں آئی ہونگی	ہم آئے ہونگے	ہم آئی ہونگی
تو آیا ہوگا	تو آئی ہوگی	تم آئے ہوگے	تم آئی ہوگی
وہ آیا ہوگا	وہ آئی ہوگی	وہ آئے ہونگے	وہ آئی ہونگی

گوشت پک گیا ہوگا	سبزی پک گئی ہوگی	چاول پک گئے ہونگے	روٹیاں پک گئی ہونگی
خالد سو گیا ہوگا	فاطمہ سو گئی ہوگی	خالد کے بچے سو گئے ہونگے	خالد کی بچیاں سو گئی ہونگی

বাংলা বলঃ-

شاہد آ گیا ہوگا ، بریانی پک گئی ہوگی ، چابی بن گئی ہوگی ، سارے گھر بن گئے ہونگے ، خالدہ بھول گئی ہوگی ، سبزی پک گئی ہوگی ، سالن پک گیا ہوگا ، گاڑی چلی گئی ہوگی ، نماز کا وقت ختم ہوگیا ہوگا ، سورج نکل گیا ہوگا ، بجلی چلی گئی ہوگی ، پنکھا خراب ہوگیا ہوگا ، بتی فیوز ہوگئی ہوگی ، بچیاں چلی گئی ہونگی ، تم بھول گئے ہوگے ، مسجد کے دروازے کھل گئے ہونگے ، تیری کتاب چھپ گئی ہوگی ، تالے آ گئے ہونگے ، چابیاں آ گئی ہونگی ، قرآن چھپ گیا ہوگا ، قرآن کے سارے نسخے چھپ گئے ہونگے .

দ্রুত উর্দু বল ঃ-

হয়ত সে এসে গিয়েছে । হয়ত তারা বাজারে চলে গিয়েছে। ফাতেমা সম্ভবত ঘুমিয়ে পড়েছে। হয়ত সূর্য ডুবে গিয়েছে। খালেদা হয়ত ভুলে গিয়েছে। মেয়েরা হয়ত চলে এসেছে। আমার ছোট বোন হয়ত এসে গিয়েছে। গাছটি হয়ত পড়ে গিয়েছে। এই বাগানের গাছ গুলো সম্ভত মরে গিয়েছে। এই পেয়ালার ডাল গুলো সম্ভত নষ্ট হয়ে গিয়েছে। এই আম গুলো হয়ত নষ্ট হয়ে গিয়েছে।

میرا چھوٹا بھائی گذشتہ کل حج کے ارادے سے روانہ ہوا تھا آج وہ مکہ مکرمہ پہنچ گیا ہوگا، آج صبح خالد میرے پاس آنے والا تھا اور میرے ساتھ ناشتہ کرنے والا تھا لیکن وہ آیا نہیں پتہ نہیں کیا ہوا بے چارہ بھول گیا ہوگا. صبح نو بجے خالد کے بچوں کا فون آیا تھا کہ وہ سب ڈھاکہ ہوائی اڈے میں پہنچ گئے ہیں، اب تک وہ گھر پہنچ گئے ہونگے، میرے خیال میں میری بات آپ حضرات کی سمجھ میں آ گئی ہوگی، اے صادق تین دن ہوگیا تو گھر سے نکلا ابھی تک گھر والوں کو تو نے خبر نہیں دی کہ تو صحیح سلامت کے ساتھ پہنچ گیا، گھر والے تو پریشان ہوگئے ہونگے، تیری والدہ رو رہی ہونگی پتہ نہیں وہ لوگ کیا سوچ رہے ہونگے.

مشق نمبر (۱)

শূন্যস্থান পূরণ কর

میرا چھوٹا بھائی گذشتہ کل حج کے ارادہ سے روانہ ہوا تھا آج وہ مکہ مکرمہ پہنچ گیا ہوگا.

(الف) میرے والد صاحب .... (ب) میری چھوٹی بہن ....

(ج) راشد کے بچے .... (د) خالد کی لڑکیاں ....

خالد بھول گیا ہوگا

(الف) خالدہ .... (ب) وہ لوگ ....

(ج) عورتیں .... (د) اے راشد تو ....

(ھ) اے فاطمہ تو .... (و) راشد کہہ رہا ہے کہ میں ....

(ز) اے بچو .... (ح) اے بچیو تم ....

قاعدة٥- اے بچو! تم بھول گئے ہوگے کہ فعل لازم کی تذکیر وتانیث اسکے فاعل کے اعتبار سے ہوتا ہے، یہاں ماضی شکی میں بھی اسکی بہت ساری مثالیں ہیں

مشق نمبر (۲)

প্রশ্নোত্তর গুলো পড় ও অর্থ বল অতঃপর একজন দাড়িয়ে প্রশ্ন কর অপরজন উত্তর দাও।

☆ کیا بھائی راشد ٹائم کیا ہوا، سحری کھانے کا کچھ وقت باقی ہے؟

جی نہیں آذان ہوگئ ہوگی. فجر کا وقت ہوگیا ہے

☆ تو پھر آذان کی آواز کیوں نہیں آئی؟

مسجد کے لاوڈ سپیکر خراب ہوگیا ہوگا، بغیر مایک کے آذان ہوئی ہوگی. یا تو مؤذن صاحب نہیں اٹھے ہونگے، انکی بھی آنکھ نہیں کھلی ہوگی.

☆ عشاء کے وقت امام صاحب نظر نہیں آئے، کہاں گئے وہ؟

گھر گئے ہونگے وہ تو ہر جمعرات کو گھر جاتے ہیں

☆ امام صاحب کے بچے اس وقت کیا کررہے ہیں؟

انکا بڑا بیٹا پچھلے سال مشکوۃ شریف پڑھ رہا تھا اس سال فارغ ہوگیا ہوگا

☆ انکی بیٹی کیا کررہی ہے؟

وہ حفظ کررہی تھی، ابتک اسکا حفظ ختم ہوگیا ہوگا

☆ انکی بیگم تو لڑکیوں کے مدرسہ میں پڑھارہی تھیں، کیا آج کل نہیں پڑھاتیں؟

نہیں، انکی نوکری چلی گئی ہوگی

☆ تیری بھابی کہاں گئی ہیں؟

وہ میکے گئی ہونگی

☆ تیرے بھتیجے کہاں گئے ہیں؟

وہ مدرسہ گئے ہونگے

☆ تیری پھوپی کی کتنی بیٹیاں ہیں؟

انکی ایک بیٹی ہے، اسکی بھی شادی ہوگئی ہوگی، اور سسرال چلی گئی ہوگی

☆ رات میں پڑوس کو کیا ہوگیا تھا، کچھ شور ہنگامہ کی آواز آرہی تھی؟

ان دونوں میاں بی بی میں جھگڑا ہوگیا ہوگا، انکے گھر میں ہمیشہ ہی جھگڑا چلتا رہتا ہے

☆ کیا بھائی تو کہہ رہا تھا آذان ہوگئی ہے، تیری گھڑی میں تو اب بھی پانچ نہیں بجا؟

ارے بھائی وہ بند ہے، اسکی بیٹری ختم ہوگئی ہوگی.

☆ چل بھائی نماز پڑھنے چلتے ہیں، تیرے بچوں کو بھی ساتھ لے چل

وہ سب چلے گئے ہونگے، وہ آذان سنتے ہی مسجد میں چلے جاتے ہیں

☆ تیرا چھوٹا بھائی بھی چلا گیا؟

وہ بھی چلا گیا ہوگا

☆ ارے یار، ہم تو باتوں میں لگے ہوئے ہیں، گھڑی دیکھ چھ بج گیا ہوگا.

ہاں بھائی چھ نہیں، چھ بجکے پانچ منٹ ہوگیا ہے، اب تو جماعت بھی ختم ہوگئی ہوگی،چلیں، جلدی چلتے ہیں، شاید آخری رکعت مل جائے

چھٹا سبق : ماضی تمنائی

	میں آتا	میں آتی	ہم آتے	ہم آتیں
آنا	تو آتا	تو آتی	تم آتے	تم آتیں
	وہ آتا	وہ آتی	وہ آتے	وہ آتیں

کاش کہ گوشت پکتا	سبزی پکتی	چاول پکتے	روٹیاں پکتیں
کاش کہ خالد آتا	فاطمہ آتی	خالد کے بچے آتے	فاطمہ کی بیٹیاں آتیں

کاش کہ راشد گوشت پکاتا فاطمہ گوشت پکاتی راشد کے بچے گوشت پکاتے فاطمہ کی بیٹیاں گوشت پکاتیں

کاش کہ راشد سبزی پکاتا	فاطمہ سبزی پکاتی	راشد کے بچے سبزی پکاتے	فاطمہ کی بیٹیاں سبزی پکاتیں
کاش کہ راشد چاول پکاتا	فاطمہ چاول پکاتی	راشد کے بچے چاول پکاتے	فاطمہ کی بیٹیاں چاول پکاتیں
کاش کہ راشد روٹیاں پکاتا	فاطمہ روٹیاں پکاتی	راشد کے بچے روٹیاں پکاتے	فاطمہ کی بیٹیاں روٹیاں پکاتیں

অর্থ বলঃ-

کاش کہ راشد آجاتا ، کاش کہ فاطمہ میری بات مان لیتی ، کیا اچھا ہوتا اگر وہ لوگ نہ آتے ، کیا اچھا ہوتا اگر تو آجاتا ، کاش کہ فاطمہ کی بیٹیاں چلی جاتیں ، کاش کہ میرے بچے پڑھ لیتے ، اے فاطمہ کاش کہ تو اپنا سبق یاد کر لیتی ، اے خالد کاش کہ تو حفظ کر لیتا ، کاش کہ میری ان سے ملاقات ہو جاتی ، کاش کہ میری جوانی دوبارہ واپس آتی ، کیا اچھا ہوتا اگر اسوقت بارش برستی ، کیا اچھا ہوتا اگر تو آجاتا ، کیا اچھا ہوتا اگر آپ لوگ چلے جاتے ، کاش کہ میں اس سے پہلے مر جاتی ، کاش میں مٹی ہو جاتا ، کیا اچھا ہوتا مجھکو میرا نامہ اعمال نہ ملتا ، کیا خوب ہوتا کہ میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھراتا .

দ্রুত উর্দু বল ঃ-

হায় যদি রাশেদ এসে যেত। হায় যদি তোমরা শুয়ে পড়তে। হায় যদি আমি ভুলে যেতাম। হায় যদি আমি এই ঔষধটি খেয়ে নিতাম। হায় যদি ফাতেমার মেয়েরা তোমাকে চিনে নিত। হায় যদি আমি আমার আব্বার কথা মেনে নিতাম। হায় যদি তোমরা তোমাদের পড়া ইয়াদ করে নিতে। কতইনা ভাল হত যদি তোমরা চলে আসতে। কতইনা ভাল হত যদি আমি অমুক কে বন্ধু না বানাতাম। কতইনা ভাল হত যদি ফাতেমার মেয়ে ঐদিকে না যেত।

حشر کے میدان میں کفار کو بڑی حسرت ہوگی ، بڑا افسوس ہوگا اور وہ لوگ کہے نگے کاش کہ ہم انبیاء کرام کی باتوں پر یقین کر لیتے ، کاش کہ ہم انکی باتوں کو مان لیتے ، کاش کہ ہم ان کی باتوں کا انکار نہ کرتے ، کاش کہ ہم ایک اللہ کی عبادت کرتے ، کاش کہ ہم اللہ کے ساتھ اور کسی کو شریک نہ ٹھراتے ، کاش کہ ہم ان بیہودہ لوگوں کیساتھ دوستی نہ کرتے ، کاش کہ ہم ان جاہلوں کی بات نہ مانتے ، کاش کہ میری ماں مجھے جنم نہ دیتی ، کاش کہ میں پیدا ہی نہ ہوتا ، کاش کہ میں

مٹی ہوتا.

اے بچو! کیا اچھا ہوتا اگر تم بڑوں کی باتیں مان لیتے، کاش کہ تم اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کرتے، کاش کہ تم برے لوگوں کے پاس نہ بیٹھتے، کاش کہ تم بری جگہوں میں نہ جاتے، کاش کہ تم برے لوگوں سے دوستی نہ کرتے، کاش کہ تم اپنی کتابیں خوب یاد کر لیتے، کاش کہ تم اپنی زندگی کیلئے کوئی رہبر ٹھیک کر لیتے، کاش کہ تم کسی کامل شیخ کو اپنا مربی بنا لیتے، کاش کہ تم کسی کامل شخص کی سرپرستی میں اپنی زندگی بنا لیتے، آج تمہیں افسوس کی زندگی بسر نہ کرنی پڑتی، آج تمہیں ذلتی برداشت کرنی نہ ہوتی.

آج صبح ہمارے مدرسہ میں ایک بہت بڑے بزرگ تشریف لائے تھے، انکی تقریر اتنی بہترین ہوئی تھی کہ کوئی حد نہیں، انکا بیان اتنا اچھا ہوا تھا کہ سب کو مزہ آ گیا، لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ کل ہمارے مدرسہ کی چھٹی ہوگئی تھی بچے تقریبا سارے گھر چلے گئے تھے، کیا اچھا ہوتا اگر حضرت کل تشریف لاتے، کیا خوب ہوتا اگر مدرسہ کی چھٹی نہ ہوتی، کاش کہ ہمارے بچے کل گھر نہ جاتے، کاش کہ ہمارے بچوں کو حضرت کی تقریر سننے کا موقع مل جاتا، اے خالد کیا اچھا ہوتا کہ اگر آج تو صبح سویرے آ جاتا، اور حضرت کی تقریر سن لیتا.

اے بچو! کیا اچھا ہوتا اگر تم اپنے بڑوں کی باتیں مان لیتے کاش کہ تم اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کرتے کاش کہ تم.....

(الف) اے بچیو .... (ب) اے میرا بیٹا ....

(ج) اے میری بیٹی ....

حشر کے میدان میں کافر لوگ کہے نگے کاش کہ ہم انبیاء کرام کی باتوں پر یقین کر لیتے کاش کہ ہم ....

(الف) کافر عورتیں کہیں گی .... (ب) ابولہب کہیگا کاش کہ میں ....

(ج) ابولہب کی بی بی کہیگی کاش کہ میں ....

اے خالد کیا اچھا ہوتا اگر آج صبح سویرے تو آ جاتا اور حضرت کی تقریر سن لیتا

(الف) اۓ فاطمہ کیا اچھا ہوتا .... (ب) کیا اچھا ہوتا اگر فاطمہ ....

(ج) کیا اچھا ہوتا اگر فاطمہ کی بیٹیاں .... (د) کیا اچھا ہوتا اگر خالد ....

(ھ) کیا اچھا ہوتا اگر فاطمہ کے بیٹے .... (و) کیا اچھا ہوتا اگر آپ حضرات ....

(ز) کیا اچھا ہوتا اگر میری والدہ .... (ح) کیا اچھا ہوتا اگر میرے والد صاحب ....

﴿مشق نمبر-۴-﴾

৯৩ও ৯৪ পৃষ্ঠার বাক্যগুলো মুখস্থ লিখ।

پانچواں سبق : حال

میں آ رہا ہوں	میں آ رہی ہوں	ہم آ رہے ہیں	ہم آ رہی ہیں
تو آ رہا ہے	تو آ رہی ہے	تم آ رہے ہو	تم آ رہی ہو
وہ آ رہا ہے	وہ آ رہی ہے	وہ آ رہے ہیں	وہ آ رہی ہیں

میں کھا رہا ہوں	میں کھا رہی ہوں	ہم کھا رہے ہیں	ہم کھا رہی ہیں
تو کھا رہا ہے	تو کھا رہی ہے	تم کھا رہے ہو	تم کھا رہی ہو
وہ کھا رہا ہے	وہ کھا رہی ہے	وہ کھا رہے ہیں	وہ کھا رہی ہیں

উপরের অনুকরণে বিভিন্ন মাসদার দ্বারা فعل তৈরী কর এবং অর্থ বল।

قاعدۃ:- ماضی استمراری کی طرح ماضی تمنائی میں بھی لازم متعدی دونوں حالاتوں میں فعل کی تذکیر وتانیث فاعل کے مطابق ہوگا، مفعول چاہے مذکر ہو یا مونث اسکی طرف التفات نہیں کیا جائیگا

উর্দূ বল ঃ

আমি খেলছি। তুমি ঘুমাচ্ছো। তারা যাচ্ছে। সে তেলাওয়াত করছে। তুমি দেখছ। আমি দেখছি। তারা লিখছে। তুমি বলছ।সে লিখছে। আমি করছি। তোমরা লিখছো। আমরা দিচ্ছি। তুমি আসছো। সে পড়ছে। তারা খেলছে। তোমরা খাচ্ছো। তুমি দিচ্ছো।

گوشت پک رہا ہے	سبزی پک رہی ہے	چاول پک رہے ہیں	روٹیاں پک رہی ہیں
خالد سو رہا ہے	ساجدہ سو رہی ہے	خالد کے بیٹے سو رہے ہیں	ساجدہ کی بیٹیاں سو رہی ہیں

راشد گوشت پکا رہا ہے	فاطمہ گوشت پکا رہی ہے	راشد کے بیٹے گوشت پکا رہے ہیں	فاطمہ کی بہنیں گوشت پکا رہی ہیں
راشد سبزی پکا رہا ہے	فاطمہ سبزی پکا رہی ہے	راشد کے بیٹے سبزی پکا رہے ہیں	فاطمہ کی بہنیں سبزی پکا رہی ہیں
راشد چاول پکا رہا ہے	فاطمہ چاول پکا رہی ہے	راشد کے بیٹے چاول پکا رہے ہیں	فاطمہ کی بہنیں چاول پکا رہی ہیں
راشد روٹیاں پکا رہا ہے	فاطمہ روٹیاں پکا رہی ہے	راشد کے بیٹے روٹیاں پکا رہے ہیں	فاطمہ کی بہنیں روٹیاں پکا رہی ہیں

میں اس وقت ہوائی جہاز میں ہوں ، میں جدہ سے ڈھاکہ آرہا ہوں ، میرے ساتھ میری بیگم بھی آرہی ہے ، میرے ساتھ سعودی عرب کے تین چار مہمان آرہے ہیں ، انکے ساتھ انکی بیگمات بھی آرہی ہیں ، راشد کے تینوں بیٹے ماشاء اللہ کافی بڑے ہوچکے ہیں ، وہ اس سال مدرسہ میں پڑھ رہے ہیں ، راشد کی بچیاں بھی ماشاء اللہ بڑی ہوچکی ہیں ، وہ البتہ گھر میں ہی اپنی والدہ کے پاس قرآن شریف پڑھ رہی ہیں ، انکی والدہ ماشاء اللہ حافظہ ہیں وہ قرآن شریف بہت اچھا پڑھاتی ہیں ، میری بہن دوسال سے ایک پرائیوٹ کمپنی میں نوکری کر رہی ہے ، میرا چھوٹا بھائی بھی تقریبا تین سال سے ایک سرکاری آفس میں نوکری کر رہا ہے ، میرے والد صاحب بازار جارہے ہیں ، میری والدہ نماز پڑھ رہی ہیں ، میری چھوٹی بہن باورچی خانہ میں کھانا پکا رہی ہے ۔

﴿مشق نمبر-۱-﴾

প্রশ্নোত্তরগুলো পড় ও অর্থ বল।

☆ خالد! تو کیا کر رہا ہے؟	میں مطالعہ کر رہا ہوں۔
☆ خالدہ! تو کیا کر رہی ہے؟	میں کھانا کھا رہی ہوں۔
☆ تیری بہن کیا کر رہی ہے؟	وہ کپڑا سی رہی ہے۔
☆ تیرا بھائی کیا کر رہا ہے؟	وہ سو رہا ہے۔
☆ تیرے والد صاحب کیا کر رہے ہیں؟	وہ نماز پڑھ رہے ہیں۔
☆ اس وقت باہر کس چیز کی آواز آرہی ہے؟	بارش کی آواز آرہی ہے۔
☆ باہر بارش برس رہی ہے؟	جی ہاں! باہر بارش برس رہی ہے۔
☆ آسماں میں کیا نظر آرہا ہے؟	آسماں میں بادل نظر آرہا ہے۔
☆ تمہارے گھر میں آج کیا پک رہا ہے؟	ہمارے گھر میں آج گوشت پک رہا ہے، مچھلی پک رہی ہے، سالن پک رہا ہے، سبزیاں پک رہی ہیں، چاول پک رہے ہیں، کھیر پک رہی ہے۔
☆ تمہاری والدہ آج کیا پکا رہی ہیں؟	وہ آج ہمارے لئے گوشت پکا رہی ہیں، مچھلی پکا رہی ہیں، سالن پکا رہی ہیں، چاول پکا رہی ہیں، کھیر پکا رہی ہیں۔
☆ تمہارے مدرسہ کا باورچی آج کیا پکا رہا ہے؟	وہ آج چاول پکا رہا ہے، دال پکا رہا ہے، سبزی پکا رہا ہے، سالن پکا رہا ہے، گوشت پکا رہا ہے، مچھلی پکا رہا ہے۔
☆ آپ کے بچے اس سال کہاں پڑھ رہے ہیں؟	وہ دونوں اس سال دار العلوم دیوبند پڑھ رہے ہیں

☆ پانچویں جماعت کے بچے اسوقت کیا کر رہے ہیں؟ وہ اسوقت پڑھ رہے ہیں۔
☆ راشد کی بیٹیاں آج کہاں جا رہی ہیں؟ وہ آج سیر کرنے کو کوکس بازار جا رہی ہیں۔

مشق نمبر-۲-

উর্দূ বল

তোমরা কি করছ ? আমরা খানা খাচ্ছি। তোমরা কি খাচ্ছো ? হ্যাঁ, আমরা খাচ্ছি। তারা কোথায় যাচ্ছে? তারা ময়দানে যাচ্ছে। ফাতেমার মেয়েরা কি করছে ? তারা কুরআন শরীফ তেলাওয়াত করছে। তোমার বোনেরা এখন কি করছে ? সম্ভবত ওরা এখন ঘুমাচ্ছে। এখন কয়টা বাজছে ? এখন ১০টা বাজছে। কি ভাই! কোথায় যাচ্ছো? নামাজ পড়তে মসজিদে যাচ্ছি। সাথে এই ছেলেটি কে ? এটি আমার বোনের ছেলে আমার ভাগ্নে। সে কোথায় যাচ্ছে? সেও আমার সাথে মসজিদে যাচ্ছে। আর ঐ মেয়েটি কে ? সে আমার মেয়ে। তাকে কোথায় নিয়ে যাচ্ছো? তাকেও কি মসজিদে নিয়ে যাচ্ছো? না তাকে মসজিদে নিয়ে যাচ্ছি না। সে তার মাদ্রাসায় যাচ্ছে। ওহে ছেলেরা! তোমরা এখনো কি করছ ? আমরা খেলছি। তোমদের কানে আযানের আওয়াজ পৌছেনি ? এখন তো নামাজের সময় ; জামাতের আর মাত্র পাঁচ মিনিট বাকী আছে। এখনও কেন তোমরা খেলছ? ওযু কেন করছ না এবং নামাজে কেন যাচ্ছো না। ওহে মেয়েরা! তোমরা এখনও শুয়ে আছো ? কয়টা বাজে? তোমাদের মাদ্রাসায় যাওয়ার সময় হয় নি? জি আব্বু! আমরা এখনি উঠছি। ফাতেমা তুমি কি করছ? আম্মু, পেপার পড়ছি।

مشق نمبر-۳-

শূন্যস্থান পুরণ করে পড় ও অর্থ বল

میں جدہ سے ڈھاکہ آرہا ہوں۔
راشد جدہ سے .... فاطمہ جدہ سے ....
خالد کے بیٹے .... رشید صاحب کی بیٹیاں ....

قاعدة:- ماضی استمراری এবং ماضی تمنائی র মত حال এর ক্ষেত্রেও فعل لازم হোক কিংবা فعل متعدی হোক উভয় অবস্থাতেই فعل এর পরিবর্তন ফায়েল হিসেবে হবে مفعول কি হল তা দেখার বিষয় নয়। উপরের বাক্যগুলো লক্ষ্য করলে তুমি নিজে ও বুঝতে পারবে।

میرے والد صاحب بازار جا رہے ہیں

میری والدہ .... میرا چھوٹا بھائی ....
میرے بڑے بھائی صاحب.............................. میری بیٹیاں ....
اۓ خالد کیا تو .... اۓ لڑکیاں کیا تم......................................
اۓ شاہد کے بیٹے کیا تم .... اۓ فاطمہ کیا تو......................................

میری والدہ نماز پڑھ رہی ہیں
میری چھوٹی بہن.............................. میرا بھانجا......................................
ہمارے استاد جی.............................. دوسری جماعت کے سارے لڑکے ....
راشد کی بہنیں .... اۓ راشد کیا تو ....
اۓ رشید کی بیٹیاں کیا تم .... میری بیٹیاں کہہ رہی ہیں کہ ہم..............................
شاہد کہہ رہا ہے کہ میں.............................. شاہدہ کہہ رہی ہے کہ میں..............................

خالد کپڑا دھو رہا ہے
خالدہ کپڑا.............................. خالد کے بیٹے کپڑے ....
فاطمہ کہہ رہی ہے کہ میں کپڑا.............................. اۓ فاطمہ کیا تو کپڑا..............................
راشد کی بیٹیاں کہہ رہی ہیں کہ ہم کپڑے.............................. اۓ راشد کی بیٹیاں کیا تم کپڑے ....

خالد ٹوپی .... خالد ٹوپیاں..............................
خالد کپڑے.............................. خالد کپڑا..............................

حال (অভ্যাস)

میں آتا ہوں	میں آتی ہوں	ہم آتے ہیں	ہم آتی ہیں
• تو آتا ہے	تو آتی ہے	تم آتے ہو	تم آتی ہو
وہ آتا ہے	وہ آتی ہے	وہ آتے ہیں	وہ آتی ہیں

میں پیتا ہوں	میں پیتی ہوں	ہم پیتے ہیں	ہم پیتی ہیں
تو پیتا ہے	تو پیتی ہے	تم پیتے ہو	تم پیتی ہو
وہ پیتا ہے	وہ پیتی ہے	وہ پیتے ہیں	وہ پیتی ہیں

নীচের মাসদারগুলো দিয়ে ফেয়েল তৈরী কর এবং অর্থ বল।

ٹہلنا	পায়চারী করা	نہانا	গোসল করা	پکڑنا	ধরা
لینا	নেয়া	پڑھنا	পড়া	واپس آنا	ফিরে আসা
دینا	দেয়া	سونا	ঘুমানো		

অর্থ বল ঃ

میں جاتا ہوں	وہ کرتے ہیں	تم کھاتے ہو	وہ نہاتی ہیں	تو لیتی ہے
ہم دیتے ہیں	وہ سوتے ہیں	میں لیٹتی ہوں	ہم پیتے ہیں	وہ دھوتی ہیں
تو پڑھتا ہے	ہم پکڑتے ہیں	تو واپس آجاتا ہے	ہم پکاتے ہیں	تم کرتی ہو

উর্দু বলঃ-

আমি পান করি, তুমি খাও, তারা খায়। আমি নেই, আমরা দেই। তুমি যাও। তারা যায়। সে নেয়। আমি খাই। তোমরা গোসল কর। তারা আসে। সে যায়। তুমি পড়। আমরা ঘুমাই। তারা পড়ে।

এভাবে বাংলায় একে অপরকে জিজ্ঞাসা কর।

ہمارے گھر میں روزانہ گوشت پکتا ہے سبزی پکتی ہے چاول پکتے ہیں روٹیاں پکتی ہیں

میرا بھائی روزانہ گوشت پکاتا ہے میری بہن گوشت پکاتی ہے میرے بیٹے گوشت پکاتے ہیں میری بہنیں گوشت پکاتی ہیں
میرا بھائی روزانہ سبزی پکاتا ہے میری بہن سبزی پکاتی ہے میرے بیٹے سبزی پکاتے ہیں میری بہنیں سبزی پکاتی ہیں

میرا بھائی روزانہ چاول پکاتا ہے	میری بہن چاول پکاتی ہے	میرے بیٹے چاول پکاتے ہیں	میری بہنیں چاول پکاتی ہیں
میرا بھائی روزانہ روٹیاں پکاتا ہے	میری بہن روٹیاں پکاتی ہے	میرے بیٹے روٹیاں پکاتے ہیں	میری بہنیں روٹیاں پکاتی ہیں
ندیم جاتا ہے	حلیمہ جاتی ہے	بچے کھیلتے ہیں	بچیاں کھیلتی ہیں

میں ہر سال رمضان میں عمرہ ادا کرنے کیلئے مکہ مکرمہ جاتا ہوں، مدرسہ کے تقریبا سارے بچے روزانہ صبح سیر کرنے سمندر کے قریب جاتے ہیں ۔تقریبا آدھا گھنٹہ کے بعد سب مدرسہ کی طرف واپس آجاتے ہیں۔ اور پڑھائی میں لگ جاتے ہیں ، میں رات کو ہمیشہ روٹی کھاتا ہوں ، میری چھوٹی بہن رات کو بالکل روٹی نہیں کھاتی بلکہ ہمیشہ چاول کھاتی ہے ۔میری والدہ ہر جمعہ کو سورہ کہف پڑھتی ہیں ، میری بیگم پہلے خوب چائے پی تی تھی اب بالکل نہیں پی تی ۔ میری بیگم کے بھائی بھی پہلے خوب چائے پیتا تھا اب نہیں پیتا ہے ۔
ہمارے گھر روزانہ دوپہر کو اور شام کو چاول پکتے ہیں اور چاول کے ساتھ کبھی گوشت پکتا ہے اور کبھی مچھلی پکتی ہے ۔ اور صبح ناشتہ میں اکثر روٹی پکتی ہے ، ہمارے گھر میں کھانا ہماری والدہ ہی پکاتی ہیں اور وہ ماشاء اللہ بہت اچھا کھانا پکاتی ہیں ۔

میرے روزانہ کا معمول   میری روزانہ کی روٹین

میں روزانہ صبح تین بجے اٹھتا ہوں ۔ اور چار رکعت تہجد کی نماز پڑھتا ہوں ۔ ہماری جماعت کے دوسرے بچے بھی الحمد للہ اٹھ جاتے ہیں اور وہ بھی تہجد کی نماز پڑھتے ہیں ، میری بہن بہت ہی سست لڑکی ہے ، وہ نہ تہجد میں اٹھتی ہے اورنہ فجر کے وقت اٹھتی ہے ۔ میں فجر کی نماز عام طور سے مسجد میں جا کر امام کے پیچھے پڑھتا ہوں ۔نماز کے بعد قرآن شریف تلاوت کرتا ہوں ۔ پہلے یس شریف پڑھتا ہوں پھر ایک دو پارہ تلاوت کرتا ہوں ۔ پھر حضرت حکیم الامت اشرف علی تھانویؒ کی لکھی ہوئی مناجات مقبول کا ایک منزل پڑھتا ہوں ، پھر تھوری دیر کیلئے ٹہلنے جاتا ہوں ، وہاں سے واپس آکر ناشتہ کرتا ہوں پھر صبح آٹھ بجے تک مطالعہ میں مشغول رہتا ہوں آٹھ سے لیکر نو بجے تک آرام کرتا ہوں ، نو بجے نہاتا ہوں اور درس کی تیاری کرتا ہوں ۔نو بجے چالیس منٹ پہ درس شروع ہوجاتا ہے ، ہمارے استاد جی ماشاء اللہ ٹھیک وقت پر آجاتے ہیں ۔ اور بچے بھی ٹھیک نو بجے چالیس منٹ پر بیٹھ جاتے ہیں ، ہمارے مدرسہ کی خصوصیت ہے کہ ہر گھنٹہ وقت پر شروع ہو جاتا ہے ۔ وقت کی بہت پابندی ہوتی ہے ، مدرسہ کی طرف سے اس کا خوب اہتمام کیا

جاتا ہے،(۱) ایک بجے تک درس چلتا ہے پھر نماز کی تیاری کرتا ہوں، نماز کے بعد دوپہر کا کھانا کھاتا ہوں، پھر عصر تک درس چلتا ہے، عصر کے بعد ٹہلنے کیلئے کسی باغ میں یا کسی سمندر کے قریب چلا جاتا ہوں، اور ٹہلتے ٹہلتے تقریبا پانچ سو سے ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ لیتا ہوں، اس سے ٹہلنا بھی ہو جاتا ہے اور تفریح بھی ہوجاتی ہے اور اپنا وظیفہ بھی پورا ہوجاتا ہے، البتہ ہماری جماعت کے ایک دو ساتھی کھیلنے بھی جاتے ہیں باقی اکثر ساتھی درود شریف پڑھتے ہوئے ٹہلتے ہیں، مغرب کے بعد خوب اہتمام کے ساتھ پڑھائی میں مشغول رہتا ہوں، عشاء کے بعد کھانا کھاتا ہوں پھر دس بجے تک لکھتا ہوں پڑھتا ہوں پھر دس بجے وضو کر کے لیٹ جاتا ہوں، اور درود شریف وغیرہ پڑھتے پڑھتے سو جاتا ہوں۔

কথাগুলো একজন ছাত্রের। ধরে নাও কথাগুলো একজন ছাত্রী বলছে সেই হিসাবে বাক্যগুলো পুনরায় নিজের খাতায় লিখ এবং পড়।

مشق نمبر - ۱ -

প্রশ্নোত্তরগুলো পড় ও অর্থ বল।

- اے خالد! تو اس سال کونسی جماعت میں پڑھتا ہے؟
= میں اس سال ساتویں جماعت میں پڑھتا ہوں۔
- تیری بہن اس سال کونسی جماعت میں پڑھتی ہے؟
= وہ اس سال تیسری جماعت میں پڑھتی ہے۔
- کیا آپ چائے پیتے ہیں؟
= جی نہیں میں چائے بالکل نہیں پیتا ہوں۔
- کیا آپ دودھ پیتے ہیں؟
= جی ہاں میں دودھ خوب پیتا ہوں۔
- عصر کے بعد آپ روزانہ چائے پیتے ہیں یا دودھ پیتے ہیں؟
= میں عصر کے بعد کبھی چائے پیتا ہوں کبھی دودھ پیتا ہوں۔
- آپ کی بہن دوپہر کو چاول کھاتی ہے یا روٹی کھاتی ہے؟
= وہ دوپہر کو روٹی کھاتی ہے۔

(۱) কাশ کہ ہمارے بچوں کی معصوم زبانوں سے نکلے ہوئے یہ جملے مدارس قومیہ کے بارے میں صحیح ہوتے! কাش কہ ہم درس کے اوقات کے پورا اہتمام کرنیوالے ہوتے۔ সম্ভবতঃ شاید

- رات کو آپ کا بھائی کیا کھاتا ہے اور آپکی بہن کیا کھاتی ہے؟
= میرا بھائی روٹی کھاتا ہے اور میری بہن چاول کھاتی ہے۔
- اے عائشہ تو صبح ناشتہ میں کیا کھاتی ہے؟
= میں صبح ناشتہ میں روٹی کھاتی ہوں، انڈا کھاتی ہوں، کیلا کھاتی ہوں۔
- صبح ناشتہ میں تو کیا کھاتی ہے اور تیرا بھائی کیا کھاتا ہے؟
= صبح ناشتہ میں میں تو چاول کھاتی ہوں اور میرا بھائی روٹی کھاتا ہے۔
- تو کیلا کس وقت کھاتی ہے؟
= کیلا تو صبح ناشتہ کے وقت ہی کھانا چاہئے، دوپہر کو بھی کھایا جا سکتا ہے لیکن رات کو کیلا کھانا بالکل ٹھیک نہیں ہے۔
- دوپہر کو یا شام کو تو کیلا نہیں کھاتی ؟
= دوپہر کو پھر بھی کبھی کبھی کھا لیتی ہوں، رات کو بالکل نہیں کھاتی ہوں۔
- آپ لوگ جمعہ کی نماز کہاں پڑھتے ہیں؟
= ہم لوگ جمعہ کی نماز اکثر ڈھاکہ کی مشہور مسجد بیت المکرّم میں پڑھتے ہیں۔
- اے لڑکو! تم لوگ عشا کی نماز کہاں پڑھتے ہو؟
= ہم لوگ عشا کی نماز مدرسہ کے قریب ہی ایک چھوٹی سی مسجد ہے اس میں پڑھتے ہیں۔
- اے لڑکیو! تم جمعہ کی نماز کہاں پڑھتی ہو؟
= ہم جمعہ کی نماز نہیں پڑھتی بلکہ ہم گھر میں ہی ظہر کی نماز پڑھ لیتی ہیں۔
- کیا تم رمضان کے روزے رکھتی ہو؟
= جی ہاں ہم رمضان کے روزے رکھتی ہیں۔

﴿مشق نمبر-۲-﴾

তুমি এখন ঢাকাতে কি কর ? আমি ঢাকাতে একটি মাদ্রাসায় পড়াই। তুমি কি কি কিতাব পড়াও? আমি এসো ছরফ শিখি এবং উর্দু কি বেহতেরীন কিতাব পড়াই। হে ফাতেমা! তুমি কি এখন রাশেদের বাড়ীতে যাও? আমি ওদের বাড়ীতে আগে যেতাম এখন যাই না। রাশেদ কি তোমাদের বাড়ীতে আসে ? না। সেও আগে আসত, এখন আসে না। ফাতেমার বান্ধবীদের সাথে কি তোমার সাক্ষাত হয়? হ্যা, তাদের সাথে আমার মাঝে মধ্যে স্কুলে সাক্ষাত হয়। সপ্তাহে একদিন আমি তাদের স্কুলে যাই। ওহে ছেলেরা! তোমরা এই বছর কোন জামাতে পড় ? আমরা এই বছর দ্বিতীয় বর্ষে পড়ি। তোমরা মাদ্রাসায় কয়টা বাজে খানা

খাও এবং কয়টা বাজে ঘুমাও এবং কয়টা বাজে ঘুম থেকে ওঠ? আমরা মাদ্রাসায় রাত্র নয়টা বাজে খানা খাই এবং দশটা বাজে ঘুমাই। মাদ্রাসার অন্যান্য ছেলেরাও ঘুমিয়ে পড়ে। অবশ্য দু' একজন ১১/১২ টা পর্যন্ত পড়ে-লিখে। আর ভোর চারটা বাজে সকলে ঘুম থেকে উঠে যায়। তোমরা বাসায় আসলে কেন অলস হয়ে যাও? এখানেত তোমরা সকাল ৮টা পর্যন্ত ঘুমাতে থাকো। ফাতেমার মেয়েরা কি গরুর গোশত খায় ? ওরা মুরগীর গোশত খায়। আর কি খায় ওরা ? ওরা গরুর গোশত ছাড়া বাকী সব কিছুই খায় তবে মাছ বেশী পছন্দ করে। রাশেদ তুমি কি শবজী পছন্দ কর ? পছন্দ করি না, তবে মাঝেমধ্যে খাই। তাহলে তুমি কি পছন্দ কর ? আমি বিরানী পছন্দ করি। ডাল মোটেই খাই না।

مشق نمبر-۳-

'শুন্যস্থান গুলো পুরণ করে পড় ও অর্থ বল

۱۔ میں ہر سال رمضان میں عمرہ ادا کرنے کیلیے مکہ مکرمہ جاتا ہوں

(الف) میری بہن .... (ب) میری بچیاں ....

(ج) اے فاطمہ کیا تو .... (د) اے راشد کے بیٹے کیا تم..

(ھ) میرا بھائی .... (و) فاطمہ کل کہہ رہی تھی کہ وہ ....

(ز) راشدہ کہہ رہی ہے کہ میں.. (ح) اے راشد کی بیٹیاں کیا تم..

۲۔ میری والدہ ہر جمعہ کو سورہ کہف پڑھتی ہے

(الف) میرے والد صاحب .... (ب) ہمارے مدرسہ کے سارے بچے ....

(ج) مدرسہ خدیجہ بنت خویلد کی تمام لڑکیاں.. (د) اس سکول کی ایک لڑکی بھی جمعہ کو..

(ھ) اے لڑکے کیا تم .... (و) فاطمہ کہہ رہی ہے کہ میں..

(ز) اے خالدہ کیا تو.............................. (ح) راشد کہہ رہا ہے کہ میں..............................

۳۔ فاطمہ کی بیٹی گائے کا گوشت کھاتی ہے

(الف) راشد مرغی کا گوشت.............................. (ب) رشیدہ کی سہیلیاں انڈے ....

(ج) میرا چھوٹا بھائی کہہ رہا ہے کہ میں انڈا.................. (د) خالد کی چھوٹی بہن کہہ رہی ہے کہ میں سبزی ....

(ھ) اے راشد کیا تو دال .... (و) اے رشید کی بیٹیاں کیا تم چاول ....

(ز) اے راشد کے بیٹے کیا تم کباب .... (ح) اے خالدہ کیا تو روٹی ....

چھٹا سبق : مستقبل

میں آونگا	میں آونگی	ہم آئیں گے	ہم آئیں گی
تو آئیگا	تو آئیگی	تم آوگے	تم آوگی
وہ آئے گا	وہ آئیگی	وہ آئینگے	وہ آئینگی
میں کرونگا	میں کرونگی	ہم کرینگے	ہم کرینگی
تو کریگا	تو کریگی	تم کروگے	تم کروگی
وہ کریگا	وہ کریگی	وہ کرینگے	وہ کرینگی
میں کھاونگا	میں کھاونگی	ہم کھائیں گے	ہم کھائیں گی
تو کھائیگا	تو کھائیگی	تم کھاوگے	تم کھاوگی
وہ کھائیگا	وہ کھائیگی	وہ کھائینگے	وہ کھائینگی

দ্রুত অর্থ বলঃ

وہ آئیگا	تو کھائیگا	میں جاونگی	تم کروگی
تو لیگی	تم سوال کروگی	وہ پڑھیگا	تم لکھوگے
تم لکھوگی	ہم لیٹے نگے	وہ آئیگی	وہ پڑھیگی
وہ پائیگا	تم سوگے	ہم کھائیں گے	تم جاوگی

দ্রুত উর্দু বলঃ

তুমি পাবে।	আমি খাব।	তোমরা নেবে।	সে দিবে।
আমরা যাব।	তুমি ঘুমাবে।	তারা বলবে।	সে নাস্তা করবে।
আমরা যাব।	আমি আসব।	তোমরা জবাব দিবে।	তুমি প্রশ্ন করবে।
সে লিখবে।	আমি পড়ব।	তারা লিখবে।	

এভাবে একে অপরকে জিজ্ঞাসা কর।

ہمارے گھر میں آج گوشت پکے گا	سبزی پکے گی	چاول پکیں گے	سبزیاں پکیں گی
راشد گھر جائیگا	فاطمہ گھر جائیگی	خالدہ کے بیٹے گھر جائیں گے	راشدہ کی بیٹیاں گھر جائیں گی
راشد گوشت پکائیگا	خالدہ گوشت پکائیگی	فاطمہ کے بیٹے گوشت پکائیں گے	راشدہ کی بیٹیاں گوشت پکائیں گی
راشد سبزی پکائیگا	خالدہ سبزی پکائیگی	فاطمہ کے بیٹے سبزی پکائیں گے	راشدہ کی بیٹیاں سبزی پکائیں گی
راشد چاول پکائیگا	خالدہ چاول پکائیگی	فاطمہ کے بیٹے چاول پکائیں گے	راشد کی بیٹیاں چاول پکائیں گی
راشد سبزیاں پکائیگا	خالدہ سبزیاں پکائیگی	فاطمہ کے بیٹے سبزیاں پکائیں گے	راشدہ کی بیٹیاں سبزیاں پکائیں گی

میں اس سال انشاء اللہ حج پہ جاونگا۔ میرے ساتھ میری بیگم بھی جائیگی اور میرے بچے بھی جائیں گے۔ میری بچیاں بھی جائیں گی۔ اے خالد میں نے سنا تھا کہ تو بھی اس سال حج پہ جائیگا۔
میں آج صبح نو بجے ناشتہ کرونگا، پھر میں بازار جاونگا، اور بازار سے ایک قلم اور ایک کاپی خریدونگا، اور دو چار کتابیں بھی

نیند ঘুম   نو بجے নয়টা বাজে   دس দশ   دوسرے অন্যান্য   علاوہ ছাড়া

خریدونگا۔
آج ہمارے گھر میں کچھ مہمان آئیں گے ۔ میری بھابھی آئیں گی ۔ میرے بڑے بھائی آئیں گے ۔ میری بڑی بہن آئیں گی ۔ میرے ایک دو اور رشتہ دار آئیں گے ۔ میری چھوٹی بہن مہمانوں کے لئے کھانا پکائیگی ۔ بریانی پکائیگی ، گوشت پکائیگی ، مچھلی پکائیگی ، سالن پکائیگی ، سبزیاں پکائیگی ۔ پھر ہم سب ملکر دسترخوان میں بیٹھیں گے اور ایک ایک کرکے ساری چیزیں کھائیں گے ، بریانی بھی کھائیں گے ، گوشت بھی کھائیں گے ، مچھلی بھی کھائیں گے ، سالن بھی کھائیں گے ، سبزیاں بھی کھائیں گے .

مشق نمبر - ۱ -

প্রশ্নোত্তর গুলো পড় ও অর্থ বল

- آپ اس وقت کیا کریں گے ؟	= میں اسوقت نماز پڑھونگا ۔
- آپ مسجد کی طرف کب جائیں گے ؟	= میں آذان کا انتظار کر رہا ہوں ، آذان ہونے کے بعد فورا مسجد کی طرف جاؤنگا ۔
- اے خالدہ! تو سکول کب جائیگی ؟	= میں صبح نو بجے سکول جاؤنگی ۔
- تم کب کھانا کھاوگے ؟	= ہم پہلے عشا کی نماز پڑھینگے پھر نماز کے بعد کھانا کھائیں گے
- ائے رشید کی بیٹیاں تم کب گھر واپس جاوگی ؟	= ہم عصر کے بعد گھر واپس جائیں گی ۔
- کیا فاطمہ اس مہینہ میکے جائیگی ؟	= نہیں وہ اس مہینہ نہیں جائیگی بلکہ اگلے مہینہ جائیگی ۔
- آپ اسوقت کیا کرینگے ؟	= اسوقت میں مسجد کی طرف جاونگا ۔
- اے لڑکو! کیا تم روٹی کھاوگے ؟	= نہیں ہم روٹی نہیں کھائیں گے بلکہ ہم چاول کھائیں گے ۔
- ائے لڑکیو! کیا تم روٹی کھاوگی ؟	= نہیں ہم روٹی نہیں کھائیں گی بلکہ ہم بریانی کھائیں گی ۔
- آپ حضرات چاول کھائیں گے ؟	= ہاں ہم چاول کھائیں گے ۔
- چوتھی جماعت کے لڑکے آئندہ کل کہاں جائیں گے؟	= وہ آئندہ کل ہندوستان جائیں گے ۔
- کیا آپ کے مدرسہ میں کل چھٹی ہو جائیگی ؟	= جی ہاں کل ہمارے مدرسہ میں چھٹی ہو جائیگی ۔
- چھٹی میں بچے کہاں جائیں گے؟	= وہ سب اپنے گھر چلے جائیں گے ۔

- وہ اپنے گھر سے کب واپس آئیں گے؟ = دو ہفتہ بعد واپس آئیں گے۔

خالد: اے ساجدہ میں تجھے ایک بات بتاؤنگا، کیا تو میری بات مانیگی؟
ساجدہ: ہاں ہاں کیوں نہیں، بتاو، ضرور مانونگی۔ اب تم بتاو میں تمہیں ایک بات بتاؤنگی، تم میری بات مانوگے؟
خالد: ہاں میں بھی تیری بات مانونگا۔
ساجدہ: خالد! کل میں گھر جاونگی تم میرے ساتھ جاوگے؟
خالد: اگر تو جائیگی تو میں تیرے ساتھ ضرور جاونگا۔
ساجدہ: اے خالد! تمہارے والد صاحب بازار سے کب واپس آئیں گے؟
خالد: وہ آدھا گھنٹہ بعد واپس آئیں گے۔
ساجدہ: آج میں آلو اور گوبھی پکاونگی، کیا تم کھاوگے۔
خالد: ضرور کھاونگا، اچھا تو بتا، میں تجھے ایک قلم ہدیہ دونگا کیا تو قبول کریگی؟
ساجدہ: ہاں، ہاں، میں تمہارا ہدیہ ضرور قبول کرونگی۔
خالد: اے ساجدہ! اگلے مہینہ میں تیرے گھر والوں کو کھانے پہ بلاونگا، کیا وہ آئیں گے؟
ساجدہ: جی آئیں گے۔
خالد: کیا تیری بیٹیاں اس ہفتہ سکول جائیں گی؟
ساجدہ: نہیں وہ اگلے ہفتہ جائیں گی۔

مشق نمبر-۲-

উর্দু বল এবং খাতায় লিখ

কাসেম সাহেব বললেন, হে আমার ছেলেরা তোমরা কি মসজিদে যাবেনা? ছেলেরা বলল, অবশ্যই যাব।কাসেম সাহেব বললেন, কখন যাবে? খালেদ বলল, আব্বা! আমি বাথরুমে যাবো। অযু করব, তারপর চার রাকাত সুন্নত পড়ব তারপর মসজিদে যাবো।

শাহেদ কোথায়? আব্বু সে তো আযানের আওয়াজ শুনা মাত্রই মসজিদে চলে গিয়েছে। সে সব সময় আযানের আওয়াজ শুনা মাত্রই হাতের সব কাজ ছেড়ে দেয় এবং মসজিদে চলে যায়। সে যে মাদ্রাসায় পড়ে সে মাদ্রাসায় আযানের সাথে সাথে সমস্ত কাজ বন্ধ হয়ে যায় এবং সব ছেলেরা মসজিদে চলে যায়। মসজিদে গিয়ে সুন্নত পড়ে কুরআন তেলাওয়াত করে এবং মুনাজাত করে। ছোট ছোট মাসুম বাচ্চাদের সেই দৃশ্য দেখে মন জুড়িয়ে যায়।

এ কথা শুনে রাশেদ বলল, আব্বু আজ থেকে আমিও চেষ্টা করব। আমিও আযানের

আওয়াজ শুনা মাত্রই মসজিদে চলে যাবো। মসজিদে গিয়ে সুন্নত পড়ব। কুরআন শরীফ পড়ব। দুরূদ শরীফ পড়ব। নামায পড়ে মুনাজাত করব। পিতা মাতার জন্য নিজের জন্য দুআ করব।

কাসেম সাহেব বললেন, হে আমার মেয়েরা তোমরা কি নামায পড়বেনা। জি আব্বা আমরা এক্ষুনি নামায পড়ব। হে ফাতেমা তুমি কখন নামায পড়বে। আমি এখন খানা খাব। তারপর একটু বিশ্রাম নিব। তারপর নামায পড়ব। খালেদা কি করবে। সেও আমার সাথে নামায পড়বে। হে মাজেদা তুমি কি করবে? আব্বু আমি নামায পড়ে ফেলেছি। ভাইয়ার মত আমিও আযানের পর কোন কাজ করিনা। আযান শুনা মাত্র সব কাজ ছেড়ে দিয়ে আগে নামায পড়ি।

মেয়েরা বলল, আজ থেকে আমরাও চেষ্টা করব। আমরাও আযানের পর কোন কাজ করবনা, আযানের পর সব কাজ ছেড়ে দিব। নামায পড়ব দুআ করব।

مشق نمبر -۳-

۱۔ خالد کہہ رہا ہے کہ میں آج صبح نو بجے ناشتہ کرونگا پھر میں بازار جاؤنگا، بازار سے ایک قلم اور ایک کاپی خریدونگا اور ایک دو کتابیں بھی خریدونگا

(الف) عائشہ کہہ رہی ہے کہ میں .... (ب) عائشہ کہہ رہی ہے کہ وہ ....

(ج) خالد کہہ رہا ہے کہ وہ .... (د) راشد کی بیٹیاں کہہ رہی ہیں کہ ہم ....

(ھ) خالد کے بیٹے کہہ رہے ہیں کہ ہم .... (و) خالد کے بیٹے کہہ رہے ہیں کہ وہ ....

(ز) راشد کی بیٹیاں کہہ رہی ہیں کہ وہ .... (ح) اۓ خالد کل تو کہہ رہا تھا کہ آج تو ....

(ط) اۓ خالدہ کل تو کہہ رہی تھی کہ آج تو .... (ی) اۓ راشد کے بیٹے کل تم کہہ رہے تھے کہ آج تم ....

۲۔ میری بہن مہمانوں کیلئے کھانا پکائیگی، بریانی پکائیگی، گوشت پکائیگی، سالن پکائیگی، سبزیاں پکائیگی

(الف) میرا بھائی .... (ب) میرے والد صاحب ....

(ج) میری والدہ .... (د) میرے بچے ....

(ھ) میرا بھائی کہہ رہا ہے کہ میں .... (و) میری بہن کہہ رہی ہے کہ میں ....

(ز) فاطمہ کے بچے کہہ رہے ہیں کہ ہم .... (ح) فاطمہ کی بیٹیاں کہہ رہی ہیں کہ ہم ....

(ط) فاطمہ کے بچے کہہ رہے ہیں کہ وہ .... (ی) فاطمہ کی بیٹیاں کہہ رہی ہیں کہ وہ ....

قاعدة :- ماضی استمراری، ماضی تمنائی، حال ও مستقبل এর একই নিয়ম।

ساتواں سبق

ماضی مطلق (لازم + متعدی)

راشد سو گیا	فاطمہ سو گئی	بچے سو گئے	بچیاں سو گئیں
گوشت پک گیا	سبزی پک گئی	سارے سالن پک گئے	سبزیاں پک گئیں
راشد نے گوشت پکایا	سبزی پکائی	چاول پکائے	سبزیاں پکائیں
فاطمہ نے گوشت پکایا	سبزی پکائی	چاول پکائے	سبزیاں پکائیں
لڑکوں نے گوشت پکایا	سبزی پکائی	چاول پکائے	سبزیاں پکائیں
لڑکیوں نے گوشت پکایا	سبزی پکائی	چاول پکائے	سبزیاں پکائیں

میں اپنا سبق یاد کرنیکے لئے بیٹھا	میں نے اپنا سبق یاد کرلیا	میرا سبق یاد ہوگیا
راشد تیرے کپڑے خرید نے کیلئے بازار گیا	راشد تیرے کپڑے لے آئے	تیرے کپڑے آ گئے
فاطمہ سالن پکانیکے لئے باورچی خانہ میں گئی	فاطمہ نے سالن پکالیا	سالن پک گیا
راشد نماز پڑھنے کیلئے مسجد کی طرف گیا	راشد نے نماز پڑھ لی	راشد کی نماز ختم ہوگئی
اے خالد کیا تو ٹوپی دھونے کیلئے حمام میں گیا	اے خالد کیا تو نے میری ٹوپی دھولی	اے خالد کیا میری ٹوپی دھل گئی

مشق نمبر -۱-

শূন্যস্থান পূরণ কর

۱- راشد تیرے کپڑے خرید نے کیلئے بازار گیا

خالدہ .... خالد کے بچے ....

خالدہ کی بچیاں .... راشد کہہ رہا ہے کہ اے خالد میں تیرے ....

فاطمہ کہہ رہی ہے کہ اے خالد میں تیرے .... فاطمہ کی بچیاں کہہ رہی ہیں کہ اے خالد ہم ....

۲- تیرے کپڑے آ گئے

تیری ٹوپیاں.................................... تیرا کپڑا .... تیری ٹوپی ....

۳- راشد نے تیرے کپڑے لے آئے

ہ راشد نے تیری ٹوپی .... راشد نے تیرا کپڑا.................. راشد نے تیری ٹوپیاں ....

۴- سالن پک گیا
دال .... سارے گوشت .... سبزیاں ....

۵- فاطمہ نے سالن پکالیا
فاطمہ نے روٹی............................ فاطمہ نے روٹیاں............................ فاطمہ نے سارے سالن ....

٦- اے خالد کیا میری ٹوپی دھل گئی
اے خالد کیا میرے کپڑے .... اے خالد کیا میری ٹوپیاں .... اے خالد کیا میرا کپڑا...............

قاعدة ঃ- فعل এর تذکیروتانیث এবং فاعل এর পর نے ব্যবহার সংক্রান্ত কায়দা মোট তিনটিঃ-

১। فاعل এর পর نے ব্যবহার হবে এবং فعل মুযাক্কার-মুআন্নাছ ও ওয়াহেদ-জমা হবে مفعول হিসেবে, যখন فعل متعدی র চার ماضی (مطلق قریب بعید شکی) র পর মাফউল غیر ذوی العقول بے جانی হয়।

২। فاعل এর পর نے এবং مفعول এর পর کو ব্যবহার হবে, فعل সব সময় واحد مذکر হবে, উপরে চার فعل এর مفعول যদি ذوی العقول وجاندار হয়।

৩। فاعل এর পর نے ব্যবহার হবেনা فعل এর تذکیرتانیث হবে فاعل হিসেবে, উপরোক্ত চার فعل ছাড়া বাকী সব ফেয়েলে।

নীচের ছকটি দেখ।



آٹھواں سبق

ماضی قریب (لازم+متعدی)

راشد آ گیا ہے	فاطمہ آ گئی ہے	بچے آ گئے ہیں	بچیاں آ گئی ہیں
گوشت پک گیا ہے	سبزی پک گئی ہے	سارے سالن پک گئے ہیں	سبزیاں پک گئی ہیں

راشد نے گوشت پکایا ہے	سبزی پکائی ہے	چاول پکائے ہیں	سبزیاں پکائی ہیں
فاطمہ نے گوشت پکایا ہے	سبزی پکائی ہے	چاول پکائے ہیں	سبزیاں پکائی ہیں
لڑکوں نے گوشت پکایا ہے	سبزی پکائی ہے	چاول پکائے ہیں	سبزیاں پکائی ہیں
لڑکیوں نے گوشت پکایا ہے	سبزی پکائی ہے	چاول پکائے ہیں	سبزیاں پکائی ہیں

ہم سب ملکر اس علاقے میں گئے ہیں ہم نے وہاں کے علمائے کرام کے ساتھ ملاقاتیں کی ہیں
وہاں کے علماء کرام کے ساتھ ہماری ملاقاتیں ہوئی ہیں

لڑکے لائبریری میں گئے ہیں لڑکوں نے لائبریری سے بہت ساری کتابیں خریدی ہیں
لائبریری سے بہت ساری کتابیں آئی ہیں

لڑکیاں بازار گئی ہیں لڑکیوں نے بازار سے بہت سارے قلم خریدے ہیں
بازار سے بہت سارے قلم آئے ہیں

فاطمہ اپنی جائے نماز پر بیٹھی ہے فاطمہ نے جائے نماز پر بیٹھ کر اپنا وظیفہ پڑھا ہے اپنی نماز پڑھی ہے
اور اسکی نماز ختم ہوگئی ہے اسکا وظیفہ ختم ہو گیا ہے

مشق نمبر - ۱ -

শূন্যস্থান পূরণ করে পড় ও অর্থ বল

لڑکے لائبریری میں گئے ہیں

(الف) لڑکیاں .... (ب) خالدہ ....

(ج) راشد ....

لڑکوں نے لائبریری سے بہت ساری کتابیں خریدی ہیں

(الف) .... ایک کتاب .... (ب) .... ایک قلم ....

(ج) .... تین قلم .... (د) .... دو کاپیاں ....

لائبریری سے بہت ساری کتابیں آئی ہیں

(الف) .... ایک قلم .... (ب) .... ایک کتاب ....

(ج) .... ایک کاپی .... (د) .... تین کاپیاں ....

نواں سبق

ماضی بعید (لازم + متعدی)

راشد چلا گیا تھا	فاطمہ چلی گئی تھی	بچے چلے گئے تھے	بچیاں چلی گئی تھیں
گوشت سڑ گیا تھا	سبزی سڑ گئی تھی	سارے گوشت سڑ گئے تھے	سبزیاں سڑ گئی تھیں

راشد نے گوشت پکایا تھا	سبزی پکائی تھی	چاول پکائے تھے	سبزیاں پکائی تھیں
فاطمہ نے گوشت پکایا تھا	سبزی پکائی تھی	چاول پکائے تھے	سبزیاں پکائی تھیں
لڑکوں نے گوشت پکایا تھا	سبزی پکائی تھی	چاول پکائے تھے	سبزیاں پکائی تھیں
لڑکیوں نے گوشت پکایا تھا	سبزی پکائی تھی	چاول پکائے تھے	سبزیاں پکائی تھیں

☆ پچھلے جمعہ کو میں گھر گیا تھا، میری والدہ نے میرے لئے بہت ہی مزیدار کباب پکایا تھا، پچھلے جمعہ کو میرے گھر میں بہت مزیدار کباب پکا تھا۔

☆ دو سال پہلے ہمارے استاد جی مکہ شریف تشریف لے گئے تھے، ہمارے استاد جی نے دو سال پہلے حج ادا کیا تھا روضہ اطہر کی زیارت کی تھی، اس سے پہلے ہمارے استاد جی کے دو حج ہو چکے تھے زیارت مسجد نبوی بھی انکی دو مرتبہ ہو گئی تھی۔

☆ کل ہمارے مدرسہ کے سالانہ امتحان کا نتیجہ شائع ہوا تھا، اساتذہ کرام نے پاس کرنے والے بچوں کو بہت سارے

انعامات دے تھے، اس امتحان میں کافی بچوں کو انعامات ملے تھے.

☆ فاطمہ کہہ رہی ہے کہ کل میں لائبریری گئی تھی، وہاں میں نے ایک کتاب دیکھی تھی اور اسمیں ایک بہترین مضمون پڑھا تھا، کل کی وہ کتاب مجھے بہت ہی اچھی لگی تھی، اسکا مضمون بھی مجھے بہت ہی اچھا لگا تھا.

مشق نمبر-۱-

শূন্যস্থান পূরণ করে পড় ও অর্থ বল

میری والدہ نے میرے لئے بہت مزیدار کباب .... بریانی .... گوشت .... چاول ....

(الف) میرے بچوں نے .... (ب) میری بچیوں نے ....

(ج) میرے چھوٹے بھائی نے .... (د) میری چھوٹی بہن نے ....

فاطمہ کہہ رہی ہے کہ گذشتہ کل میں نے لائبریری میں ایک کتاب دیکھی تھی ایک بہترین قلم ....

دو تین کاپیاں............... ایک بہترین کاپی .... بہت سارے قلم ....

(الف) فاطمہ کے بچے کہہ رہے ہیں کہ گذشتہ کل .... (ب) راشد کہہ رہا ہے کہ کل میں نے ....

(ج) لڑکے کہہ رہے ہیں کہ گذشتہ کل ہم .... (د) لڑکیاں کہہ رہی ہیں کہ گذشتہ کل انہوں نے ....

(ھ) لڑکیاں کہہ رہی ہیں کہ گذشتہ کل ہم نے .... (و) اے راشد تو کہہ رہا تھا کہ گذشتہ کل تو نے ....

(ز) اے فاطمہ تو کہہ رہی تھی کہ گذشتہ کل تو نے ....

دسواں سبق

ماضی شکی (لازم + متعدی)

راشد سو گیا ہوگا	فاطمہ سو گئی ہوگی	راشد کے بچے سو گئے ہونگے	راشد کی بچیاں سو گئی ہونگی
گوشت پک گیا ہوگا	سبزی پک گئی ہوگی	سارے گوشت پک گئے ہونگے	سبزیاں پک گئی ہونگی

راشد نے گوشت پکایا ہوگا	سبزی پکائی ہوگی	چاول پکائے ہونگے	سبزیاں پکائی ہونگی
فاطمہ نے گوشت پکایا ہوگا	سبزی پکائی ہوگی	چاول پکائے ہونگے	سبزیاں پکائی ہونگی
لڑکوں نے گوشت پکایا ہوگا	سبزی پکائی ہوگی	چاول پکائے ہونگے	سبزیاں پکائی ہونگی
لڑکیوں نے گوشت پکایا ہوگا	سبزی پکائی ہوگی	چاول پکائے ہونگے	سبزیاں پکائی ہونگی

☆ استاد جی نے درس میں بچوں کو کہا کہ اۓ بچو تم سب سو گئے ہوگے، تم نے میری تقریر نہیں سنی ہوگی/نہیں سمجھی ہوگی ، میری تقریر تمہاری سمجھ میں نہیں آئی ہوگی .

☆ خالدہ کتاب خرید نے کیلیئے بازار چلی گئی ہوگی، خالدہ نے تیرے لئے بازار سے وہ کتاب خریدی ہوگی بازار سے تیری کتاب آ گئی ہوگی .

☆ میرے والد صاحب مکہ شریف گئے ہونگے، میرے والد صاحب نے اس سال حج ادا کیا ہوگا میرے والد صاحب کے حج کے ارکانات ختم ہو گئے ہونگے .

☆ میری چھوٹی بہن مدینہ شریف گئی ہوگی ، میری چھوٹی بہن نے مسجد نبوی میں روضہ اطہر کی زیارت کی ہوگی میری چھوٹی بہن کی زیارت ختم ہوگئی ہوگی.

مشق نمبر-۱-

শূন্যস্থান পূরণ করে পড় এবং অর্থ বল

اۓ لڑکو! تم نے میری تقریر نہیں سنی ہوگی ، میری باتیں .... میرا بیان ....

(الف) اۓ لڑکیو .... (ب) اۓ فاطمہ .... (ج) اۓ راشد ....

خالدہ نے بازار سے تیرے لئے وہ کتاب خریدی ہوگی ، دو قلم .... ایک قلم .... بہت ساری چیزیں .... بہت سارے کیلے ....

(الف) خالدہ کے بچوں نے .... (ب) خالدہ کے بچیوں نے .... (ج) راشد نے ....

گیارہواں سبق

دسترخوان کا احترام ، رزق کی حفاظت

آج ہماری والدہ نے بہت ہی عمدہ قسم کا کھانہ تیار کیا مختلف قسم کی چیزیں پکائیں روٹی پکائی ، انڈے پکاۓ، پراٹھے پکاۓ ، کھیر پکائی ، کیک بنایا، پھر ہم سب دسترخوان پر کھانے بیٹھے، میرا چھوٹا بھائی بیٹھا ، میری چھوٹی بہن بیٹھی ، والد صاحب بیٹھے ، ایک دو مہمان آئے تھے وہ بھی بیٹھے ، اسکے بعد ہم سب ملکر کھانے لگے ، چھوٹے بھائی کو پراٹھے

بہت پسند آئے ، اس نے تین چار پراٹھے کھائے ، مجھے پراٹھے زیادہ پسند نہیں آئے ، اس لئے میں نے صرف ایک پراٹھا کھایا ، البتہ مجھے کھیر پسند آئی ، کھیر میں نے خوب کھائی ، میری چھوٹی بہن کو ساری چیزیں پسند آئیں ، اس نے دو پراٹھے کھائے ایک انڈا کھایا چار پانچ روٹیاں کھائیں ، اسکے بعد ہم سب نے چائے پی ، البتہ فہیم نے چائے نہیں پی ، ایک زمانہ میں فہیم خوب چائے پیتا تھا ، اب نہیں پیتا ، بہر حال اس نے صرف ایک کپ دودھ پیا .

بہر حال ہم سب نے خوب مزے لے لے کر ایک ایک چیز کھائی ، خوب آسودہ ہو کے ناشتہ کیا ، لیکن کسی نے نہ برتن صاف کرنے کا خیال کیا نہ کھانیکے آداب کی رعایت کی اور نہ کھانیکی سنتوں کا خیال کیا ، بلکہ تقریبا سب ہی نے کھانا ضائع کیا ، روٹی کے ٹکرے گرائے ، دوسری چیزیں گرائیں ، دسترخوان گندا کیا .

لیکن ماشاء اللہ چھوٹے بھائی فہیم کو دیکھا عجیب سلیقہ سے کھانا کھایا ، ایک ایک سنتوں کی رعایت کی ایک ایک آداب کا خیال کیا ، یہانتک کہ اس نے گوشت کی ہڈیاں اور مچھلی کے کانٹے کیلے کے چھلکے تک دسترخوان میں نہیں گرائے بلکہ سامنے چھوٹا سا ایک برتن رکھا اس میں نہایت سلیقہ کے ساتھ زاید چیزوں کو رکھا ، کھانے کے بعد اپنا برتن خوب صاف کیا ، یہاں تک کہ دوسروں کے سامنے سے بھی گرے ہوئے روٹی کے ٹکرے گرے ہوئے چاول اور گری ہوئی کھانیکی دوسری چیزیں نہایت ادب کے ساتھ اٹھانے لگا ، یہاں تک کہ سب نے جو ہڈیاں گرائیں اور جو مچھلی کے کانٹے گرائے اس میں لگے ہوئے چاول اور گوشت صاف کر کے کھانے لگا .

اسکے اس عمل سے دسترخوان کے سارے لوگ خوب متاثر ہوئے سب ملکر اپنے اپنے سامنے کی روٹی کے ٹکرے اور چاول اٹھاکے کھائے اور گوشت کی ہڈیاں مچھلی کے کانٹے ، کیلے کے چھلکے اور دوسری زاید چیزیں اٹھاکے ایک چھوٹا خالی برتن پر رکھیں ، بہر حال پورا دسترخوان کا منظر بدل گیا .

سارے لوگ حیران ہو گئے کہ چھوٹا سا بچہ ، اسکا چھوٹا عمل اور اسکی چھوٹی ادا نے پورے مجمعہ کا چہرہ بدل دیا ، اور مزے کی بات یہ ہے کہ مجلس کے کسی نے جب چھوٹے بھائی فہیم کو پوچھا کہ بیٹا یہ کیا چن رہے ہو؟ تو کہنے لگے کہ چچا ہیرا اور موتی چن رہا ہوں ، ہمارے استاد جی فرمایا کرتے ہیں لوگوں کو دسترخوان میں گرے ہوئے روٹی کے ٹکرے اور چاول نظر آتے ہیں ، مجھے تو ہیرے اور موتی سے بھی زیادہ قیمتی چیزیں نظر آتیں ، اس لئے کہ گرایا ہوا ایک چاول جب کوئی اٹھاتا ہے اور حفاظت کرتا ہے تو چاول اسکے لئے دعائیں دیتا ہے ، کہ اللہ اسکو بھی تو حفاظت کر جیسا کہ اس نے میری حفاظت کی ہے ، اس دعا کی برکت سے اس کے رزق میں اضافہ ہوتا ہے اور اسکی زندگی میں برکت ہوتی ہے ، اور جب کوئی کسی رزق کو ضائع کرتا ہے تو وہ رزق اسکو بددعا دیتا ہے کہ اللہ تو بھی اسکو ضائع کر جیسا کہ اس نے مجھے ضائع کیا ، اس بددعا کی نحوست سے اس شخص کا رزق کم ہونے لگتا ہے ، اسکی زندگی میں بے برکتی شروع ہو جاتی ہے .

بہر حال فہیم کی اس بے مثال عمل دیکھنے کے بعد اور اسکی چھوٹی سی تقریر سننے کے بعد مجلس کے سارے لوگوں

نے کہا واقعی یہ لڑکا بہت ہی سلجھا ہوا ہے، بے مثال تربیت یافتہ ہے، جس مدرسہ میں یہ پڑھتا ہے اس مدرسہ کی تعلیم و تربیت واقعی قابل رشک ہے، اللہ تعالی سارے مدارس قومیہ کو یہ دولت عطا فرمائیں، آمین

رات کی عبادت اور رات کا تہجد چھوٹ جائے تو کیا کرے؟

آج صبح ناشتہ کے بعد ہم سب گپ شپ کرنے لگ گئے، ادھر ادھر کی باتیں چل رہی تھیں اتنے میں اچانک والد صاحب نے پوچھا، اچھا بیٹے بتاوتم سب کون کس وقت اٹھے اور کس نے کیا عمل کیا، چھوٹے بھائی نے فورا کہا کہ ابو! میں صبح چار بجے اٹھا، پھر میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا کہ اس نے رات کو اچھی نیند عطا کی، اور صبح جگایا، میں نے دعا پڑھی، الحمد للہ الذی احیانا .... پھر میں نے وضو کیا بارہ رکعتیں تہجد کی پڑھیں اور وظیفہ پڑھا، جب فجر کی اذان ہوئی دو رکعتیں سنت کی نماز پڑھی، پھر مسجد جا کر جماعت کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی، تسبیح فاطمی پڑھی، آیت الکرسی پڑھی، سورہ حشر کی آخری تین آئتیں پڑھیں، یسیں شریف پڑھی، قرآن شریف تلاوت کی، اشراق کی نماز پڑھی،

پھر والد صاحب نے مجھے پوچھا بیٹا تم نے کیا کیا، میں تو شرم کے مارے چپ چاپ بیٹھا رہا-اس لئے کہ میں تو آج اٹھ نہیں سکا. جب میری آنکھ کھلی تو صبح آٹھ بج رہا تھا، ناشتہ کا وقت ہو گیا تھا، جلدی جلدی منہ ہاتھ دھویا اور ابو کے ساتھ دسترخوان میں آکر بیٹھ گیا، بہرحال جب ابو نے مجھے پوچھا تو میں نے نہایت عاجزی اور انکساری کیساتھ عرض کیا کہ، ابو آج میں اٹھ نہیں سکا، اصل میں رات کو میں ذرا دیر سے سویا تھا، ویسے بستر پر لیٹ گیا تھا پہلے ہی لیکن کافی دیر تک نیند نہیں آرہی تھی، تقریبا رات ایک بجے کے بعد نیند آئی، اس لئے صبح دیر سے آنکھ کھلی، صبح جب آنکھ کھلی اس وقت آٹھ بج رہا تھا، البتہ گذشتہ کل میں فہیم سے پہلے اٹھا تھا، اور گذشتہ کل میں نے الحمد للہ بارہ رکعتیں تہجد کی پڑھی تھیں، وظیفہ بھی پڑھا تھا اپنا ، فجر کی نماز بھی میں نے الحمد للہ مسجد میں جا کر جماعت کے ساتھ پڑھی تھی، صبح قرآن شریف بھی تلاوت کی تھی، لیکن آج پتہ نہیں کیا ہوا کہ آنکھ کھلی ہی نہیں، حالانکہ میں نے سوتے وقت گھڑی میں الارم بھی لگایا ہوا تھا، الارم شاید بجا نہیں ہوگا، یا بجا ہوگا اسکی آواز میرے کان تک نہیں پہنچی ہوگی، چھوٹے بھائی کو جگانے کیلئے کہا تھا اس نے جگایا نہیں، بے چارہ بھول گیا ہوگا، والدہ نے بھی جگایا نہیں، وہ بھی بھول گئی ہونگی.

فہیم غصہ میں بولنے لگا، اباجی میں نے انکو جگانے کیلئے بہت کوشش کی لیکن وہ اٹھے نہیں، پھر میں نے یہ سوچ کر چھوڑ دیا کہ بے چارہ تھکا ہوا ہوگا، یا رات کو دیر سے سویا ہوگا، بے چارہ کی نیند پوری نہیں ہوئی ہوگی،

میری چھوٹی بہن سنجیدہ بانو نہایت سنجیدگی سے کہنے لگی اباجی یہ لوگ کیا بکواس کر رہے ہیں بے چارہ کی آنکھ نہیں کھلی تو کیا ہوا، آپ ہی نے ایک دن ہمیں نبی پاک ﷺ کی ایک حدیث سنائی تھی کہ " من نام عن صلاۃ او نسیھا فلیصلیھا

اذا ذکرھا " جو شخص نماز کے وقت (بے اختیار) سوتا رہا یا نماز بھول گیا تو جب اسے یاد آئے فورا پڑھ لے، اس لئے کہ وہی اس کے لئے وقت ہے ، ابا جی یہ بھی تو ہم نے آپ سے سنی تھی کہ جو شخص نیند کے غلبہ کیوجہ سے آخری شب کے وظیفہ وغیرہ نہ پڑھ سکا تو صبح ظہر تک اگر پڑھ لے تو اللہ پاک اسے پورا ثواب عنایت فرمائیں گے، کیا ابا جی بھائی اگر اس وقت یہ سارے اعمال پورا کرلے کیا انکو پورا ثواب نہیں ملیگا، ابو نے کہا کہ ضرور ملیگا، سنجیدہ نے کہا کہ اسی لئے ہی تو میں روزانہ اسی پر عمل کرتی ہوں.

بہن کے آخری جملہ سے سارے لوگ ہنس پڑے، البتہ مجھے ہنسی نہیں آئی، اس لئے کہ مجھے فجر کی جماعت چھوٹنے کا اور اپنے وظائف وغیرہ چھوٹنے کا بہت ہی افسوس تھا، بہر حال میں چپ چاپ اٹھ کر جائے نماز پر کھڑا ہوگیا، نماز پڑھی اور اپنے سارے وظائف پورے کیئے پھر دل کھول کر دعائیں کیں کہ اۓ اللہ پھر کبھی میری نماز قضا نہ ہو پھر کبھی میرے وظائف نہ چھوٹے.

﴿مشق نمبر -۱-﴾

শুন্যস্থান পূরণ করে পড় ও অর্থ বল।

۱- میرے چھوٹے بھائی کو پراٹھے بہت پسند آئے

(الف) میرے چھوٹے بھائی کو بریانی .... (ب) میرے چھوٹے بھائی کو گوشت ....

(ج) میرے چھوٹے بھائی کو روٹیاں .... (د) میرے چھوٹے بھائی کو لسی ....

(ھ) میرے چھوٹے بھائی کو دھی .... (ز) میرے چھوٹے بھائی کو انڈے ....

☆ میری چھوٹی بہن کو ....

☆ میرے چھوٹے بھائیوں کو ....

☆ میری چھوٹی بہنوں کو ....

☆ میرے والد صاحب کو ....

☆ میری والدہ کو ....

۲- میرے چھوٹے بھائی نے تین چار پراٹھے کھائے

فرد (ج) افراد সদস্য

(الف) میرے چھوٹے بھائی نے ایک پراٹھا.......... (ب) میرے چھوٹے بھائی نے دو انڈے ....

(ج) میرے چھوٹے بھائی نے ایک روٹی .... (د) میرے چھوٹے بھائی نے دو تین روٹیاں ....

۳- خالد کہہ رہا ہے کہ گذشتہ کل میں نے بارہ رکعتیں تہجد کی پڑھی تھیں،

(الف) گذشتہ کل میں نے تہجد کی نماز ....(ب) گذشتہ کل میں نے ہدایۃ النحو کے تین صفحے ....

(ج) گذشتہ کل میں نے ہدایۃ النحو کا ایک صفحہ........(د) گذشتہ کل میں نے ایک بہترین کتاب ....

﴿مشق نمبر-۲-﴾

উর্দু বলঃ-

আজ আমাদের ঘরের সকল সদস্যের আমাদের খালার বাড়ীতে দাওয়াত ছিল। গত সপ্তাহে খালা নিজে এসে ছিলেন। এবং আমাদের সকল কে দাওয়াত দিয়ে গেছেন। খালা আমাদের কে অনেক ভাল বাসেন। দু বছর হল খালুর ইন্তেকাল হয়েছে তিনিও আমাদের কে অনেক ভাল বাসতেন।

আমাদের তিনজন খালাতো ভাই আছে তারাও আমাদের কে অনেক ভাল বাসে। আমাদের একজন খালাতো বোন আছে। তাদের বিয়ে হয়ে গিয়েছে। তারা সব এখন শশুর বাড়ীতেই থাকে। তারা ও আমাদের কে অনেক ভাল বাসে।

যাহোক দুপুরে আমরা সকলে খালার দাওয়াতে গেলাম। খালা আমাদের কে শানদার মেহমানদারী করলেন। ব্যবস্থাপনাও অনেক সুন্দর ছিল। দস্তরখানাটি অনেক সুন্দর ছিল। প্লেটগুলো ও অনেক দামী ছিল। সম্ভবত, এই জিনিস গুলো খালু সাউদীআরব থেকে এনেছিলেন। খালা একটি নতুন জিনিষ রান্না করে ছিলেন সেটি অনেক স্বাদ হয়েছিল। সেই জিনিষটি সকলের অনেক পছন্দ হয়েছিল। নানী আমাদের জন্য চা তৈরী করেছিলেন। নানীর চা অনেক সুন্দর হয়েছিল। নানী এখন খালার বাড়ীতেই থাকেন। এর পূর্বে তিনি আমাদের বাড়ীতেই থাকতেন। নানী আমাদের কে অনেক আদর করতেন। আমার ছোট বোন কে তো অনেক বেশী আদর করতেন। তখনও নানী আমাদের জন্য চা তৈরী করতেন। তখনও তার চা অনেক ভাল হত।

যা হোক খালার বাড়ী থেকে ফিরার পর আম্মা আমাদের কে জিজ্ঞেস করলেন। তোমাদের খালা তোমাদের কে কি কি খাইয়েছেন। তোমরা কি কি খেলে। আর কে কি পরিমান খেলে।
আমি বললাম খালাতো অনেক কিছুই রান্না করেছিলেন। পালংশাক গোশ্‌ত রান্না করেছিলেন। মিক্স সব্জি (নিরামিষ)রান্না করেছিলেন। আলু পরটা রান্না করেছিলেন। আর একটি নতুন জিনিষ রান্না

করেছিলেন। আমাদের কারই তার নাম জানা নেই। তবে সেটি ছিল অনেক মজাদার।সম্ভবত, খালাও তার নাম জানেন না। সম্ভবত, খালা তা সাউদি আরব থেকে শিখে এসেছেন।
আম্মা জিজ্ঞেস করলেন, তোমরা কে কি খেয়েছ তা তো বললেনা। আমি বললাম আম্মা আমি বেশি কিছু খাইনি।সামান্য বিরানী খেয়েছি। দুটো শামী কাবাব খেয়েছি। একটি কলা খেয়েছি। ফাতেমা বলল, আমি পোলাও খেয়েছি। চিকেন টিক্কা খেয়েছি। দুটো ডিম খেয়েছি। তবে খালার ছেলেরা অনেক খেয়েছে। বড় ছেলেটি সবচে কম খেয়েছে। সে দুটো কাবাব খেয়েছে। তিনটি ডিম খেয়েছে। ছয়টি রুটী খেয়েছে। দুই প্লেট বিরানী খেয়েছে। ৫টি কলা খেয়েছে। অন্য মেয়েরা কম খেয়েছে। ছোট মেয়েটি মাত্র একটি রুটি খেয়েছে। আর একটি কলা খেয়েছে।

بارہواں سبق

چچا رشید کے ساتھ میری ملاقات

شاہد کہہ رہا ہے کہ پرسوں صبح فجر کی نماز کے بعد سلام پھیرتے ہی جوتیاں ہاتھ میں لی اور مسجد سے نکلنے لگا، اتنے میں پیچھے سے آواز آئی بیٹا شاہد رک جاو، مڑ کے دیکھا چچا رشید بلا رہے ہیں، فورا انکی طرف آگے بڑھا اور سلام عرض کیا.

شاہد- السلام علیکم چچا

چچا رشید- وعلیکم السلام، کیا حال ہے بیٹا

شاہد- الحمد للہ ٹھیک ہوں، چچا

چچا رشید- طبیعت کیسی ہے تمہاری

شاہد- شکر ہے اللہ کا، بالکل ٹھیک ہے

چچا رشید- اچھا تمہارے والد صاحب دو دن سے نظر نہیں آرہے ہیں، کہیں گئے ہوئے ہیں کیا؟

شاہد- وہ ڈھاکہ کے باہر گئے ہوئے ہیں--

چچا رشید- کہاں گئے؟

شاہد- اصل میں چچا ہمیں بتا کے نہیں گئے، کسی پروگرام میں گئے ہونگے، انکا تو ہر مہینہ میں ایک دو پروگرام رہتا ہے

چچا رشید- کب آئیں گے، کچھ پتہ ہے؟

شاہد- جی، چچا، امی سے سنا ہے کہ آج ہی انشاء اللہ آجائیں گے، بلکہ میرا خیال ہے کہ ابتک پہونچ بھی گئے ہونگے.

چچا رشید- اچھا تمہارے بڑے بھائی کا کیا ہوا وہ بھی تو نظر نہیں آتے؟

شاہد- چچا، وہ چاٹگام گئے ہوئے تھے، کل رات ہی کو پہنچے ہیں،

چچا رشید- فجر کی نماز میں کیوں نہیں آئے؟

شاہد- اصل میں چچا کل رات کو ذرا دیر سے پہنچے تھے، سونے میں دیر ہوگئی تھی، اس لئے صبح انکی آنکھیں نہیں کھلی ہونگی، یا گھر میں ہی نماز پڑھ کے سو گئے ہونگے،

ہم دونوں کی باتیں چل رہی تھیں اتنے میں ہمارے ماموں مسجد سے نکلے، وہ بھی ہماری گفتگو میں شریک ہو گئے، ماموں نے پہلے چچا کو سلام کیا، السلام علیکم بھائی جان، چچا نے بہت ہی سنجیدگی کے ساتھ جواب دیا، وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، پھر چچا نے پوچھا

چچا رشید- کیا حال ہے بھائی، طبیعت ٹھیک ہے تمہاری؟

ماموں- جی بھائی جان طبیعت بالکل ٹھیک ہے

چچا رشید- تمہارے مدرسہ کا کیا حال ہے؟

ماموں- جی الحمد للہ بہت اچھا ہے

چچا رشید- اس سال ٹوٹل طالب العلم کتنے ہیں؟

ماموں- چھ سو کے لگ بھگ ہیں

چچا رشید- کونسی جماعت تک ہے؟

ماموں- اس سال مشکوۃ شریف تک ہے، اگلے سال دورہ حدیث کھولنے کا ارادہ ہے

چچا رشید- اچھا ماشاء اللہ، اللہ تعالی اور برکت عطا فرمائیں-
تمہارا بیٹا اس سال کیا پڑھ رہا ہے؟

ماموں- وہ اس سال ماشاء اللہ سے پہلی جماعت میں ہے

چچا رشید- تمہارے مدرسہ میں ہی ہے؟

ماموں- جی نہیں، ہمارے ایک دوست ہے انکے مدرسہ میں داخلہ کرادیا، اس لئے کہ اپنے مدرسہ میں تربیت ذرا صحیح نہیں ہوتی.

چچا رشید- بالکل ٹھیک کہا تم نے، بچوں میں صاحب زادائیت آجاتی ہے اور صاحبزادائیت کا بھوت اگر دماغ میں سوار ہو جائے، تو پھر وہ بے کار ہو جاتا ہے

اتنے میں امام صاحب مسجد سے نکلے، سلام دعا کے بعد وہ بھی ہمارے ساتھ باتوں میں شریک ہو گئے، اور سب کی طرف متوجہ ہو کر کہا، کیا حال ہے بھائی آپ لوگوں کا، طبیعت ٹھیک ہے آپ لوگوں کی؟

ماموں- جی ہاں مولانا، ہم سب ٹھیک ٹھاک ہیں، اور آپ سنائے؟

امام صاحب- بس چل رہی ہے کسی طرح
چچا رشید- کیوں مولانا کیا بات ہے؟
امام صاحب- اصل میں گھر میں ذرا بیماری چل رہی ہے، اہلیہ بھی تین دن سے بیمار ہے، بچے تو پہلے ہی سے بیمار ہیں، میں اکیلا ہی ہوں، ابھی تک الحمد للہ ٹھیک ہوں، سب کی خدمت کر رہا ہوں.
چچا رشید- اللہ سب کو شفا عطا فرمائیں
شاہد- آمین، اللہم آمین
ماموں- ہاں میں نے بھی خیال کیا کہ امام صاحب دو تین دن سے ذرا پریشان نظر آ رہے ہیں، میں نے دو تین مرتبہ سوچا بھی تھا کہ پوچھوں، لیکن موقعہ نہیں ملا۔
امام صاحب- چلیں بھائی آپ حضرات سب ہمارے گھر، چائے ہو جائے
ماموں- نہیں بھائی، اسوقت آپ کو پریشانی ہوگی، بلکہ آپ سب میرے گھر چلیں
چچا رشید- بلکہ ایسا کرو، تم سب میرے گھر چلو
امام صاحب- اچھا ٹھیک ہے آج آپ ہی کے گھر چلتے ہیں، آپ کے گھر کی چائے بہت اچھی بنتی ہی.
ماموں- صرف چائے بھائی صاحب؟
چچا رشید- ارے چلو تو سہی، دیکھتے ہیں خدا نے قسمت میں کیا رکھا ہے

اسکے بعد سب ملکر چچا رشید کے گھر چلدئے، میں نے کہا اچھا چچا میں ذرا اجازت چاہتا ہوں، اسلئے کہ میری پڑھائی باقی رہ گئی ہے، پرسوں میرا امتحان ہے، یہ کہہ کر میں اپنے گھر واپس آ گیا، وہ لوگ سب چچا رشید کے گھر گئے.

تیرہواں سبق

ماضی قریب اور ماضی بعید اور مستقبل میں مذکر ومونث کی تمیز

راشد کہہ رہا ہے کہ میں نے کل بھی آپ کے لئے دعائیں کی تھیں اور انشاء اللہ آج بھی کرونگا۔ خالدہ کہہ رہی ہے کہ میں نے صبح فجر کی نماز پڑھی ہے، نماز کے بعد وظیفہ پڑھا ہے، اور انشاء اللہ ظہر کی نماز بھی پڑھونگی اور ظہر کے بعد وظیفہ بھی پڑھونگی۔
ہم نے گذشتہ کل تراویح بھی پڑھی اور روزہ بھی رکھا، آج بھی انشاء اللہ ہم تراویح پڑھیں گے اور روزہ رکھیں گے۔

راشد نے پچھلے سال حج ادا کیا اور روضہ اطہر کی زیارت کی ، اس سال بھی وہ حج ادا کریگااور زیارت کریگا ۔ اور اسکی بہن نے بھی پچھلے سال اسکے ساتھ حج ادا کیا روضہ شریف کی زیارت کی ، اس سال بھی وہ حج ادا کریگی اور زیارت کریگی ۔ پچھلے سال ہمارے گھر کے تمام بچوں نے روزے رکھے تھے اور تراویح کی نمازیں پڑھی تھیں ۔اس سال بھی رمضان میں وہ سب انشاء اللہ روزے رکھیں گے اور تراویح کی نمازیں پڑھیں گے ۔ پچھلے جمعرات کو ہمارے سکول کی تمام لڑکیوں نے قرآن پڑھا تھا اور حدیث پڑھی تھی اگلے جمعرات کو بھی وہ قرآن پڑھیں گی اور حدیث پڑھیں گی ۔

مشق نمبر-۱-

প্রশ্নগুলো পড়, অর্থ বল এবং উর্দুতে উত্তর দাও।

کیا آپ نے میرے لئے دعائیں کی تھیں ؟

کیا آپ میرے لئے آج بھی دعائیں کرینگے ؟

عائشہ کیا تو نے فجر کی نماز پڑھی ہے اور نماز کے بعد وظیفہ پڑھا ہے ؟

کیا تو ظہر کی نماز پڑھیگی ، اور کیا نماز کے بعد وظیفہ بھی پڑھیگی ؟

کیا آپ لوگوں نے گذشتہ کل تراویح پڑھی تھی ؟ روزہ بھی رکھا تھا آج بھی آپ لوگ روزہ رکھیں گے اور تراویح پڑھینگے ؟

راشد نے پچھلے سا حج ادا کیا تھا ؟

اس نے مسجد نبوی کی زیارت بھی کی تھی ؟

اس کی بہن نے بھی حج ادا کیا تھا اور اس نے بھی مسجد نبوی کی زیارت کی تھی ؟

اس سال بھی راشد حج ادا کریگا اور مسجد نبوی کی زیارت کریگا ؟

اس کی بہن بھی اس سال اس کے ساتھ حج ادا کریگی اور مسجد نبوی کی زیارت کریگی ؟

کیا پچھلے سال آپ کے گھر کے سارے بچوں نے روزہ رکھا تھا ؟

انہوں نے تراویح بھی پڑھی تھی ؟

کیا اس سال وہ روزہ نہیں رکھیں گے ؟ اس سال وہ تراویح نہیں پڑھیں گے ؟

پچھلے سال تمہارے سکول کی بچیوں نے قرآن شریف پڑھا تھا ؟

انہوں نے حدیث بھی پڑھی تھی ؟

کیا آج بھی وہ قرآن پاک پڑھیں گی اور حدیث پڑھیں گی ؟

﴿مشق نمبر-۲-﴾

বাম পার্শ্বের মাসদারগুলো থেকে সঠিক فعل তৈরী করে শূন্যস্থানে বসাও।

فاطمہ نے کہا کہ صبح میں نے روٹی ...... اب بھی روٹی ...... کھانا
دوپہر کو راشد نے چاول ......اب بھی وہ چاول ...... کھانا
خطیب صاحب نے پچھلے جمعہ کو بھی خطبہ کے وقت پگڑی ...... اس جمعہ کو بھی وہ خطبہ کے وقت پگڑی ...... باندھنا
کل میری بہن نے مجھے چھ پیسے ...... اور میرے بہنوئی نے ایک روپیہ...... دینا
آج انشاء اللہ میری والدہ مجھے دس پیسے ......اور میرے والد صاحب ایک روپیہ ......
میری خالہ نے مجھے ایک بات ...... ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ بیٹا یہ بات تمہارے پاس امانت رکھتی ہوں، بتانا
میں نے کہا کہ خالہ میں آپ کی امانت میں خیانت نہیں ...... اور کرنا
میں یہ بات کسی سے نہیں ......واقعی میں نے انکی امانت کی بالکل خیانت نہیں ...... بلکہ کہنا
اسکی پوری حفاظت ...... اور یہ بات میں نے کسی سے نہیں ...... لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ کہنا
خالہ نے یہی بات میری چھوٹی بہن سے ...... تھی، ان سے یہ بھی کہا تھا کہ یہ بات تیرے پاس امانت ہے،

کہہ دینا
کسی سے نہیں بتانا، بہن نے اس امانت کا بالکل خیال نہیں ......اور اس امانت کی بالکل حفاظت
نہیں ...... بلکہ اس نے اپنی ایک سہیلی سے یہ بات ...... ، اس کی اس حرکت سے خالہ کو بہت افسوس ...... ہونا
بہت دکھ...... حالانکہ اس نے خالہ سے وعدہ بھی ...... تھا کہ میں آپ کی امانت کی حفاظت ...... میں
کسی سے نہیں ......

چودہواں سبق: فعل امر

تو کر	تم کرو	آپ کریں	تو چلا جا	تم چلے جاو	آپ چلے جائیں
تو جا	تم جاو	آپ جائیں	تو چلی جا	تم چلی جاو	آپ چلی جائیں
تو دیکھ	تم دیکھو	آپ دیکھیں	تو بتادے	تم بتادو	آپ بتادیں

اۓ لڑکا/اۓ خالد! تو گھر جا، تیری ماں کو سلام کر تیرے باپ کو سلام کر، ماں باپ کی خدمت کر، ماں باپ کا کہنا مان، ماں باپ کی بات دھیان سے سن، ماں باپ کے ساتھ نرمی سے بات کر، ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کر، ماں باپ کے لئے اللہ سے دعا مانگ، اے اللہ تو میرے ماں باپ پر رحم فرما جیسا کہ ان دونوں نے بچپن میں مجھکو پالا پرورش کیا۔

اۓ لڑکی/اۓ فاطمہ! تو اپنے شوہر کے پاس جا، اپنے شوہر کو سلام کر، شوہر کی خدمت کر، تیرے شوہر کا باپ تیرا سسر ہے، اپنے سسر کی خدمت کر۔ سسر کو سلام کر، سسر کے لئے پان بنا لا۔ تیرے شوہر کی ماں تیری ساس ہے، اپنی ساس کو سلام کر، ساس کا کہنا مان، ساس کی خدمت کر۔ تیرے شوہر کی بہن تیری نند ہے، اپنی نند کو سلام کر، اپنی نند کو پیار کر۔

اے لڑکو/اے نوجوانو/اۓ مسلمانو، اللہ کا کہنا مانو۔ قران پڑھو، حدیث پڑھو۔ قران پر عمل کرو حدیث پر عمل کرو۔ نماز پڑھو۔ روزہ رکھو۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھا کرو۔ آذان کی آواز سنتے ہی۔ مسجد کی طرف چلے جاو۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پیر رکھو۔ پھر بایاں پیر رکھو، مسجد میں داخل ہونیکے بعد پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھو، پھر قرآن شریف تلاوت کرو، پھر امام کے ساتھ فرض نماز پڑھو۔ اسکے بعد خوب دل لگا کر دعا کرو۔

اے لڑکیو/اۓ مسلمان عورتو! تم اپنے گھروں میں قرار سے رہو، نماز کی پابندی رکھو زکوۃ دیا کرو۔ اللہ کا اور اسکے رسول کا کہنا مانو۔ اپنے شوہروں کی اطاعت کرو۔ انکی خوب خدمت کیا کرو۔ اپنی اولاد کی پرورش کیا کرو۔ انکو دینی باتیں سکھاو۔ اپنی بیٹیوں کو پردے میں رہنے کی عادی بناو۔

حضرات علماۓ کرام! آپ حضرات سے گذارش یہ ہے کہ آپ سارے حضرات اطمنان سے اپنی اپنی کرسی پر بیٹھ جائیں اور غور سے میری باتیں سنیں۔ اور اسپر عمل کرنیکی کوشش کریں۔ محفل ختم ہونیکے بعد پہلے آپ حضرات نماز پڑھ لیں۔ پھر دوپہر کا کھانا ہمارے ساتھ کھائیں۔ پھر تھوری دیر آرام فرمائیں۔ عصر کے بعد آپ حضرات کو چاۓ تیار ملیگی چاۓ پیئیں۔ اور سب اپنے اپنے گھر واپس چلے جائیں۔

خواتین حضرات/آپ لوگ بھی اطمنان سے اپنی اپنی کرسی پر بیٹھ جائیں اور اپنے اپنے بچوں کو ذرا سنبھال کے رکھیں تاکہ وہ زیادہ شور نہ مچاۓ، محفل ختم ہونے تک آپ حضرات اطمنان سے بیٹھی رہیں۔ اور خوب دھیان سے علماۓ کرام کی نصیحتیں سنتی رہیں، محفل ختم ہونیکے بعد چاۓ پیئیں اور اپنے اپنے گھر واپس چلی جائیں عصر کی نماز اپنے گھر میں جاکے پڑھیں۔

طالبان علوم نبوت: اللہ پاک نے تمہیں بہت برا شرف بخشا ہے۔ تمہیں بہت بڑی نعمت عطا فرمائی ہے۔ تم اپنے آپ

کو پہنچاننے کی کوشش کرو۔ اپنا قدر سمجھنے کی کوشش کرو۔ اللہ پاک نے تمہارے سینے میں ایک عظیم الشان امانت محفوظ فرمائی اسکی خوب حفاظت کیا کرو۔ اسکا خوب قدر کرو۔

اساتذہ کرام کی خدمت کرو۔ بزرگوں کی صحبت اختیار کرو۔ انکی دعا اور نیک توجہ حاصل کرنیکی کوشش کرو۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

بزرگوں کی نظروں میں وہ تاثیر دیکھی + بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

کتاب کا احترام کرو۔ اکابر دین کی طالب العلمی زندگی مطالعہ کرو۔ اور اسکو اپنانے کی کوشش کرو۔ نماز کا خوب اہتمام کرو۔ ہر نماز سے کم از کم دس پندرہ منٹ پہلے مسجد میں چلے جاو۔ آذان کی آواز سننے کے بعد سب کام چھور دو اور نماز کی طرف دوڑو۔ یاد رکھو جس علمی انہاک کی وجہ سے تمہیں آذان کی آواز نہ سنائی دے وہ علم میراث نبوی نہیں ہے۔

کسی کامل انسان کے ہاتھ میں اپنے آپ کو پوری طور پر سپرد کردو اور اپنے آپ کو انسان بناؤ اپنے اندر تواضع پیدا کرو۔ یاد رکھو میراث نبوی وہی علم ہے جو آدمی کو عمل کی طرف لے جائے۔ جو آدمی کے اندر تواضع پیدا کرے جو آدمی کو صحیح انسان بنادے

کورس سکھاتا ہے الفاظ + اور انسان انسان بناتا ہے

عصر کے بعد اور سوتے وقت بلکہ جب بھی فرصت ملے درود شریف پڑھا کرو، خاص کر کے جمعرات اور جمعہ کو کثرت سے درود شریف پڑھا کرو۔ نماز کے بعد خاص کر کے آخری شب میں بارگاہ الٰہی میں دل کھول کے دعا کیا کرو خوب آنسو بہاو۔

اگر یاد رہے تو اس ناکارہ کے لئے بھی دعا کرو۔ یہ ناکارہ ہمیشہ یہ دعا کیا کرتا ہے کہ اے اللہ جو اس ناکارہ کے لئے دعا کرتا ہے۔ ناکارہ کی زندگی کی تمام دعائیں اور تمام اعمال اسکے حق میں قبول فرما۔

پندرہواں سبق: فعل نہی

جا ← مت جا جاو ← مت جاو جائیں ← مت جائیں

← نہ جا ← نہ جاو ← نہ جائیں

اۓ لڑکا/اے راشد! وہ بری جگہ ہے وہاں مت جا۔ وہ لوگ برے ہیں انکے پاس مت بیٹھ، بری جگہ مت جا، برے لوگوں کے پاس مت بیٹھ۔ یہ لوگ جاہل ہیں یہ لوگ بیہودہ ہیں انکی باتیں بالکل نہ سن؛ جاہل اور بیہودہ لوگوں کی باتوں کی طرف بالکل کان نہ لگا۔ اپنی زندگی بہت مہنگی ہے اپنا وقت بہت قیمتی ہے، بیہودہ کاموں میں اپنا وقت بالکل ضائع نہ کر، پڑھائی میں بالکل سستی نہ کر۔ اسوقت اگر پڑھائی میں سستی کریگا تو امتحان کے وقت تجھے خود شرمندگی ہوگی۔ اللہ کی رحمتوں سے کبھی مایوس نہ ہو۔ اللہ کی رحمتیں بہت وسیع ہیں۔

اے مجاہدو! کافروں سے کبھی نہ ڈرو۔ حق بات کہنے میں کبھی مت گھبراو۔ اپنی بلند آواز سے اعلان کردو۔

لوگوں نہ ہمیں چھیرو + طوفاں مچا دینگے
رستے میں ہمالہ ہو + ٹھوکر سے گرادینگے

جنگ کے میدان میں پیچھے نہ ہٹو، اسلامی ممالک میں کافروں کو داخل ہونے نہ دو کافروں سے بتا دو۔ تم مسلمان بن جاو تمھیں سلامتی ملیگی۔ ہم تمھیں گلے لگالے نگے۔ ہم تمہارے ساتھ اپنے سگے بھائی کی طرح برتاو کرینگے۔ ہم تمہاری تمام زیادتی بھول جائنگے، ہم تمہارے ظلم کا بدلہ نہیں لے نگے۔ ہم تمہاری لغزشوں کو معاف کردینگے۔ اگر تم نے ہماری باتوں کو نہیں مانیں تو ہماری یہ ننگی تلوار تمھیں جواب دیگی۔

اۓ لڑکی/ اے فاطمہ! ننگی سر باہر نہ جا؛ دو پٹہ اڑھ لے، سہیلیوں کے ساتھ بیٹھ کے کسی کی غیبت نہ کر، غیبت کرنا بری بات ہے، غیبت کرنا سخت گناہ ہے، اپنے شوہر کے ساتھ بدسلوک نہ کر، زیورات اور لباسوں کے پیچھے نہ پڑ، اپنی آخرت سنورنے کی فکر کر۔

কয়েকটি ব্যবহার দেখ।

تو اس وقت کہاں جائیگا؟	تجھے اس وقت کہاں جانا ہے؟
میں اس وقت نہانے جاونگا	مجھے اسوقت نہانے جانا ہے
خالد کیا تو چاۓ پیئیگا؟	اۓ خالد کیا تجھے چاۓ پینی ہے؟
نہیں میں اب دودھ پیونگا	نہیں مجھے اس وقت دودھ پینا ہے؟
عائشہ! کیا تو چاول کھائیگی	عائشہ کیا تجھے چاول کھانے ہیں؟
نہیں میں چاول نہیں کھاونگی	نہیں مجھے چاول نہیں کھانے ہیں
میں روٹی کھاونگی	مجھے روٹی کھانی ہے

کل آپ لوگوں کا امتحان ہے لہذا اپ لوگ
اچھی طرح پڑھیں کہیں نہ جائیں
تو ہمیشہ سچی باتیں کر
کبھی جھوٹ نہ بول

کل آپ لوگوں کا امتحان ہے لہذا آپ لوگوں کو
اچھی طرح پڑھنا ہے کہیں نہیں جانا ہے
تجھے ہمیشہ سچی باتیں کرنی ہیں
کبھی جھوٹ نہیں بولنی

নীচের বাক্যগুলোতে مستقبل ও امر এর পরিবর্তে مصدر ব্যবহার কর।

تو اس وقت کیا کریگا
میں اس وقت سونگا
تو روزانہ میرے پاس آ

کیا آپ کھانا کھائیں گے
نہیں میں دودھ پیونگا
تو یہاں سے بالکل نہ ہٹ

سولہواں سبق : اسم فاعل

لکھنے والا	لکھنے والے	لکھنے والی
دیکھنے والا	دیکھنے والے	دیکھنے والی
پالنے والا	پالنے والے	پالنے والی

اے ہمارے پروردگار! تو ہی ہے ہمارا پالنے والا، تو ہی ہے ہمیں رزق دینے والا، تیرے سوا ہمارا پالنے والا ہمیں ۱ـ

رزق دینے والا اور کوئی نہیں ـ عبادت کے لائق تیرے سوا اور کوئی نہیں، تو ہی ہے ہمارا رب، تو ہی ہے ہمارا محبوب ـ بلاشبہ اللہ تعالیٰ صبر کرنیوالوں کے ساتھ رہتے ہیں، نماز پڑھنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ فرمایا ہے ـ روزہ رکھنے والوں کو اللہ تعالیٰ جنت عطا فرمائیں گے، شرک کرنیوالوں کو اللہ تعالیٰ جہنم میں ڈالیں گے، خدا کو یاد کرنیوالوں کو خدا یاد کرتے ہیں ـ اس سال میں انشاء اللہ حج پہ جانیوالا ہوں، ہمارے مدرسہ کے مہتمم صاحب بھی جانیوالے ہیں ـ اسکے علاوہ ہمارے مدرسہ کے اور بھی ایک دو استاد جانیوالے ہیں ـ شاہد کی بہنیں اس سال حج پہ

جانیوالی ہیں ، اچھا کام کرنیوالوں کو سب محبت کرتے ہیں اور برا کام کرنیوالوں کو کوئی محبت نہیں کرتا ۔
زنا کرنیوالی عورت اور زنا کرنیوالا مرد کو شریعت نے سو درے مارنے کا حکم دیا ہے ۔ کلام پاک میں بتایا گیا ہے کہ چوری کرنیوالا مرد اور چوری کرنیوالی عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو ۔

﴿مشق نمبر - ۱ -﴾

প্রশ্নগুলো পড়, অর্থ বল এবং উর্দূতে উত্তর দাও ।

ہمارا پالنے والا کون ہے ؟
ہمیں رزق دینوالا کون ہے ؟
صبر کرنیوالوں کے ساتھ کون رہتا ہے ؟
کیا اللہ پاک نماز پڑھنے والوں کو پسند فرماتے ہیں ؟
خیرات کرنیوالے مرد اور خیرات کرنیوالی عورتوں کیلئے اللہ پاک نے کیا وعدہ فرمایا ؟
روزہ رکھنے والوں کو اللہ تعالیٰ کیا عطا فرمائینگے ؟
شرک کرنیوالوں کو اللہ پاک کہاں ڈالیں گے ؟
کیا اس سال تو حج پہ جانیوالا ہے ؟
تیرے مدرسہ کے مہتمم صاحب بھی جانیوالے ہیں ؟
انکے ساتھ اور کون جانیوالا ہے ؟
انکا بیٹا حذیفہ بھی انکے ساتھ جانیوالا ہے ؟
انکی بیگم بھی انکے ساتھ جانیوالی ہے ؟
شاہد کی بہنیں اس سال حج پہ جانیوالی ہیں ؟
زنا کرنیوالوں کے لئے شریعت نے کیا سزا مقرر کیا ہے ؟
چوری کرنیوالوں کے لئے قران پاک میں کیا سزا بتائی گئی ہے؟

﴿مشق نمبر - ۲ -﴾

উপরের মূল বাক্যগুলো মুখস্থ খাতায় লিখ ।

﴿مشق نمبر - ۳ -﴾

اسم فاعل ব্যবহার করে উর্দূতে ১০টি বাক্য লিখ ।

سترہواں سبق : اسم مفعول

لکھا ہوا	لکھے ہوئے	لکھی ہوئی
سنا ہوا	سنے ہوئے	سنی ہوئی
دیکھا ہوا	دیکھے ہوئے	دیکھی ہوئی

یہ مضمون میرا دیکھا ہوا ہے، وہ کتاب میری دیکھی ہوئی ہے، یہ ساری چیزیں میری چکھی ہوئی ہیں، اس میں سے ایک بھی چیز ایسی نہیں ہے جو میری چکھی ہوئی نہیں ہے، تقدیر میں جو لکھا ہوا ہے وہی ہوگا، کل کا پروگرام بنا ہوا ہے، یہ تو میری کاپی میں پہلے سے لکھا ہوا ہے، تمہیں دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں تھی، میرا کپڑا دھلا ہوا ہے میری الماری کے سارے کپڑے دھلے ہوئے ہیں، یہ تو سنی ہوئی بات ہے، اسکو دوبارہ سنانیکی کیا ضرورت تھی، اس کتب خانہ میں جتنی کتابیں دیکھ رہے ہو سب میری اپنی خریدی ہوئی ہیں، بھائی چائے میں چینی ڈالی ہوئی ہے۔حضرت آپ کی بتائی ہوئی ساری باتیں مجھے یاد ہیں۔ اور آپ کی لکھی ہوئی ساری کتابیں میری دیکھی ہوئی ہیں۔ اس جگ کے یہ پانی گرم کیا ہوا ہے، اس بوتل میں تیل بھرا ہوا ہے اور اس گلاس میں پانی بھرا ہوا ہے، میری جیب میں کچھ پیسے رکھے ہوئے تھے پتہ نہیں کس نے اٹھالئے ہیں، اس کپ میں چائے رکھی ہوئی تھی سب گرگئی ہے۔

مشق نمبر-۱-

☆ اس الماری میں جتنی کتابیں ہیں اس میں کوئی ایسی کتاب ہے جو آپ کو دیکھی ہوئی ہے؟	اس الماری کی تو ساری کتابیں میری دیکھی ہوئی ہیں
☆ کیا چائے میں چینی ڈالی ہوئی ہے؟	جی ہاں چائے میں چینی ڈالی ہوئی ہے۔
☆ کیا چائے میں تم نے چینی ڈالی ہے؟	جی ہاں ہم نے اس میں چینی ڈالی ہے۔
☆ بھائی چائے میں کیا ڈالا ہوا ہے؟	کچھ نہیں صرف چینی ڈالی ہوئی ہے۔
☆ اس بلیک بورڈ میں کیا لکھا ہوا نظر آرہا ہے؟	مجھے تو کچھ بھی لکھا ہوا نظر نہیں آرہا ہے۔
☆ میری پینسل کہاں ہے؟	وہ دیکھ تیرے بکسے میں پڑی ہوئی ہے۔
☆ تم نے میری بتائی ہوئی باتوں پر عمل کیا ہے؟	جی ہاں آپ کی بتائی ہوئی ساری باتوں پر میں نے عمل کیا۔

☆ آپ کے پاس مولانا مودودی کی لکھی ہوئی کوئی کتاب ہے؟

نہیں میرے پاس صرف حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی لکھی ہوئی کتابیں ہیں ۔

﴿مشق نمبر-۲-﴾

মূল বাক্যগুলো মুখস্থ খাতায় লিখ।

اٹھارہواں سبق :

হরফে রবতের কারণে ইসমের শেষে পরিবর্তন

لکھنا	لکھنے میں	لکھنے سے	لکھنے کا	لکھنے پر	
لکھنے والا	لکھنے والے نے	لکھنے والے سے	لکھنے والے کا	لکھنے والے پر	
لکھا ہوا	لکھے ہوئے کو	لکھے ہوئے نے	لکھے ہوئے کا	لکھے ہوئے سے	لکھے ہوئے پر
اچھا	اچھے (آدمی) نے	اچھے (آدمی) کا	اچھے (آدمی) سے		
کلیجہ/ پردہ	کلیجے تک	پردے کے اندر			

وہ جو لکھنا چاہتا ہے اسے لکھنے دو، اس کے لکھنے سے ہمیں کیا آتا جاتا ہے۔ اس اخبار میں جتنے لکھنے والے ہیں ان میں سے ایک لکھنے والا بہت ہی قابل آدمی ہے، اس لکھنے والے کا نام مجھے اس وقت یاد نہیں ہے ہمارے یہاں روزانہ ایک بادام بیچنے والا آتا ہے کل میں نے اس بادام بیچنے والے سے بہت سارے بادام خریدے تھے۔ تو اِدھر اُدھر کہاں مانگتا پھر رہا ہے؟ جو تجھے رزق دیتا ہے اس رزق دینے والے سے مانگ، تجھے کھلانے والا کون ہے تجھے پلانے والا کون ہے، تجھے پالنے والا کون ہے؟ تجھے کھلانے والا اللہ ہے، تجھے پلانے والا اللہ ہے، تجھے پالنے والا اللہ ہے۔ اس کھلانے والے کا شکر ادا کر۔ اس پلانے والے کی نافرمانی نہ کر۔ اس پالنے والے کے ساتھ اور کسی کو شریک نہ ٹھرا۔ یہ تو بہت بڑا اچھا آدمی تھا لیکن افسوس کی بات ہے کہ اس اچھے آدمی نے بھی کل ایک بہت بڑا غلط کام کر بیٹھا۔

قاعدة :- হরফে রবতের কারণে র শেষের الف টি " ے " দ্বারা পরিবর্তন হয়ে যায়। مصدر، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ - ইসমের শেষের " الف " ও " ہ " ও অনুরূপ " ے " হয়ে যায়। অবশ্য কিছু কিছু اسم অপরিবর্তিত থাকে।

مجھے اس واقعہ سے بہت بڑا صدمہ ہوا، یہ صدمہ میرے کلیجے تک پہنچ گیا۔ دوسروں کے مال دوسروں کی کوئی بھی چیز اسکی اجازت کے بغیر نہ اٹھا۔ کسی کی چیز اسکی اجازت کے بغیر اٹھانا بری بات ہے۔ کسی کے مال اس کی اجازت کے بغیر اٹھا کر لیجانیکو چوری کہتے ہیں۔

" کو " এর ব্যবহার দেখ

خالد گھر میں گیا	خالد گھر کو گیا
یہ قلم کتنے عوض میں خریدا	یہ قلم کتنے کو خریدا
وہ علم سیکھنے کیلئے مدرسہ میں گیا	وہ علم سیکھنے کو مدرسہ میں گیا
ہم نے اسے ادب دینے کیلئے مارا	ہم نے اسے ادب دینے کو مار

اس + کو = اسے	(خالد نے اسے ایک روپیہ دیا)
ان + کو = انہیں	(میں نے انہیں یہ بات بتا دی)
تجھ + کو = تجھے	(شاید تو بھول گیا ہوگا کہ ایک دن تجھے اردو کا ایک جملہ بھی نہیں آتا تھا)
تم + کو = تمہیں	(تمہیں یہ بات کس نے بتائی)
مجھ + کو = مجھے	(تیری ساری حرکتیں مجھے خوب پتہ ہے)
ہم + کو = ہمیں	(ہمیں کسی نے اطلاع نہیں دی)

انیسواں سبق

কয়েকটি মূল্যবান কবিতা মুখস্থ কর।

اللہ اللہ کیا مبارک نام ہے — اللہ اللہ مومنوں کا کام ہے
وطن سے ہم کیا کرینگے مدرسہ ہے وطن اپنا — مرینگے ہم کتابوں پر ورق ہوگا کفن اپنا
جگہ جی لگا نیکی یہ دنیا نہیں ہے — یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے
رحم کر یا الٰہی نہ ان کرم کو بھول جا — ہم تجھے بھولے ہیں لیکن تو نہ ہمکو بھول جا
جو جلاتا ہے کسی کو خود بھی جلتا ہے وہ — شمع بھی جل جاتی ہے پروانہ جل جانیکے بعد

جب ملک الموت آئیگا تمہارے سامنے　　تم کو مہلت پھر نہ دینگے لب ہلانے کے لئے
جاگنا ہے جاگ لے افلاک کے سایہ تلے　　حشر تک سونا پڑے گا خاک کے سایہ تلے
جنت وجہنم سے یا رب کیا کروں　　آرزو ہے میں تجھے دیکھا کروں
آشنائی کر کے دیکھا آشنا ملتا نہیں　　بے وفا ملتا ہے لیکن باوفا ملتا نہیں
الفت میں برابر ہے وفا ہو کے جفا ہو　　ہر چیز میں لذت ہے اگر دل میں مزہ ہو
باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم　　سو بار کر چکا ہے تو امتحان ہمارا
تمنا درد دل کی ہے تو کر خدمت فقیرونکی　　نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینے میں
توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہدے　　یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے
توحید کی امانت سینوں میں ہے ہمارا　　آسان نہیں مٹانا نام ونشان ہمارا
جس کو سمجھا تھا میں اپنا وہ میرا اپنا نہیں　　کیا بتاؤں وہ ہے کس کا وہ مگر میرا نہیں
حقیقت میں وہی کامل شکستہ دل جسے حاصل　　بہت طالب خدا ملتا شکستہ دل نہیں ملتا
حسن صورت چند روز آخر فنا ہو جائے گا　　یہ تمہارے نازک بدن خاک میں ملجائے گا
حقیقت چھپ نہیں سکتی بناوٹ کی اصولوں سے　　کہ خوشبو آنہیں سکتی کبھی کاغذ کی پھولوں سے
سڑرتے نہیں دنیا میں مسلمان کسی کو　　جب مل گئی دولت ایمان نبی سے
ڈھونڈتی تھی گنبد خضرا کو تو　　دیکھ وہ ہے اے نگاہ بے قرار
ذرا غم نصیبوں کو بھی یاد رکھنا　　حبیب دو عالم کے گھر جانے والے
رہ گیا رسم آذان روح بلالی نہ رہی　　فلسفہ رہ گیا تلقین غزالی نہ رہی
راز دل کسکو کہوں کوئی تو غم خوار نہیں　　اے خدا تیرے سوا کوئی مددگار نہیں
رہے میرا مسکن حوالی کعبہ　　بنے میرا مدفن دیار مدینہ
زندگی کیا مختصر اک خواب ہے　　موت کیا اس خواب کی تعبیر ہے
زمانہ بیک حال رہتا نہیں　　گذشتہ زمانہ پھر آتا نہیں
زمانہ کی نظروں میں میں بے وفا ہوں　　خطا بس یہی ہے کہ میں بے خطا ہوں
زباں پر جب حبیب کبریاؐ کا نام آتا ہے　　تو اپنی زندگی کا لطف اور آرام آتا ہے
زندگی انسان کی اک دم کے سوا کچھ بھی نہیں　　دم ہوا کی موج ہے دم کسے سوا کچھ بھی نہیں
زندگانی فخر فانی کچھ نہیں جاوینگے ساتھ　　کیا جواب دیوینگے اس دن جب پوچھیں گے پاک ذات

زندگی سے یہ پرانا خاکدان معمور ہے　　موت میں بھی زندگانی کی تڑپ مستور ہے
سوتے ہیں اس خاک میں خیر الامم کے تاجدار　　نظم عالمکا رہا جن کی حکومت میں بڑا
ستاروں کے آگے جہاں اور بھی ہے　　ابھی عشق کے آزماں اور بھی ہے
سب لوگ جدھر میں بھی اُدھر دیکھ رہا ہوں　　میں دیکھنے والوں کی نظر دیکھ رہا ہوں
صوفی کی طریقت میں فقط مستی احوال　　ملا کی شریعت میں فقط مستی گفتار
طائف کی شریروں نے جہالت سے جفا کی　　اس جور و جفا ہی کے عوض تونے دعا کی
عمر بھر تیری محبت میری خدمت کر رہی　　جب تیری خدمت کا قابل میں ہوا تو چل گئی
عیش وعشرت کے لئے انسان نہیں　　یاد رکھ تو بندہ ہے مہمان نہیں
عشق نے مجھکو نکما کر دیا　　ورنہ میں بھی آدمی تھا کام کا
قلب ذاکر دے مجھے اور رونے والی آنکھ دے　　تاکہ میں روتا رہوں تیرے رضا کے واسطے
کیسی کیسی خوبصورت رانیاں شہزادیاں　　تن بدن سب گل گیا ہے شکل صورت کیا ہوئی
کیسے کیسے بادشاہاں تاجداراں چل بسے　　وہ خزینہ بالا خانہ شان شوکت کیا ہوئی
مجھے اتنا بتا دے کدھر جاؤں کہاں جاؤں　　کہیں جانے سے اچھا ہے تیرے قدموں میں مر جاؤں
نہ مسجد میں نہ بیت اللہ کی دیواروں کے سائے میں　　نماز عشق ادا ہوتی ہے تلواروں کے سائے میں
یہاں ہم سب مسافر ہیں وہی آخر ٹھکانا ہے　　کوئی آگے روانہ ہے کوئی پیچھے روانہ ہے
تعطیل مدارس ہے فراقت کا نشانہ　　مشکل ہے محبت میں جدائی کا زمانہ
چلے جا لفافہ بدست　جناب　　اگر ہو محبت ملیگا جواب
حقیقت کھول جائیگی بوقت امتحان تیری　　کہ سستی یا کہ محنت میں گذاری زندگی تو نے
رات میں جب سویا میں نے خواب میں دیکھا تجھے　　خواب سے بیدار ہو کر پھر نہیں پایا تجھے
سبھی نے شعلہ محفل کا رقص آتشیں دیکھا　　کسی نے یہ نہیں دیکھا کہ پروانے پہ کیا گذریں
عید کے دن سب ملیں گے اپنے اپنے یار سے　　ہم ملیں گے دردِ غم سے پتھر دیوار سے
میں خوب سمجھتا ہو تیرے رمز کی باتیں　　یہ اس سے چھپانا جو تیرے بھید نہ جانے
نہ دن کو چین آتا ہے نہ نیند آتی ہے راتوں میں　　کسی کی حال پر انکی عنایت ہو تو ایسی ہے
ناز کرنا فخر کرنا یہ تمھارا کام ہے　　یہ نہ دیکھو کہنے والا کون ہے کیا نام ہے

چند مشہور ضرب الامثال

آیا رمضان بھاگا شیطان۔ آستین کا سانپ۔ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ اندھوں میں کانا راجا۔ ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے۔ اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے۔ بغل میں چھری منہ میں رام رام۔ پڑھے نہ لکھے، نام محمد فاضل۔ پتھر کو جونک نہیں لگتی۔ پڑھیں فارسی بیچیں تیل، یہ دیکھو قدرت کے کھیل۔ پانچوں انگلیاں برابر نہیں۔ ٹاٹ کا لنگوٹ نواب سے یاری۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ جس کا کھایا اس کا گایا۔ جس ہانڈی میں کھائے اس میں چھید کرے۔ جیسا دیس ویسا بھیس۔ جیسے روح ویسے فرشتے۔ جتنا گڑ ڈالوگے اتنا ہی میٹھا ہوگا۔ جیسا کروگے ویسا بھروگے۔ جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے۔ جب تک سانس تب تک آس۔ جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔ جہاں پھول وہاں کانٹے۔ چار دن کی چاندنی۔ چراغ تلے اندھیرا۔ چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل۔ چھوٹا منہ بڑی بات۔ چور کی ڈاڑھی میں تنکا۔ حمام میں سب ننگے۔ حرکت میں برکت۔ خدا گنجے کو ناخن نہ دے۔ خدا کی لاٹھی بے آواز ہے۔ خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔ خدا کی باتیں خدا ہی جانے۔ دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک پھونک کر پیتا ہے۔ دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا۔ سانپ مرے، لاٹھی نہ ٹوٹے۔ سو دن چور کے ایک دن کوتوال کا۔ صبح کا بھولا شام کو گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے۔ شکر خورے کو شکر مل ہی جاتی ہے۔ خالی برتن زیادہ بجتا ہے۔ پہلا اکسیر کا نوالہ۔ ضرورت کے وقت گدھے کو بھی باپ بنانا پڑتا ہے۔ ظاہر رحمان کا، باطن شیطان کا۔ قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے۔ کاغذ کی ناؤ سدا نہیں بہتی۔ کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا۔ کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے؟ گدھا کیا جانے زعفران کی بہار۔ گھر کی مرغی دال برابر۔ لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے۔ نیم حکیم خطرۂ جان۔ ناؤ خشکی میں نہیں چلتی۔ نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔ ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے۔ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور، دکھانے کے اور۔